
# OGDCL

# حفاظتی کتابچہ

## برائے آئل اینڈ گیس ایکسپلوریشن لیزز(سیسمک سرویز)

جون 2022ء




**یہ کتابچہ صرف حوالہ کے لئے ہے اوریہ جامع کتابچہ نہیں ہے۔ اپنے مقامی HSE نمائندے یا کوآرڈینیٹر سے مزید تفصیلی معلومات طلب کریں۔ OGDCL کے مکمل HSE سسٹم مینوئل کی تازہ ترین نظرثانی شدہ ایڈیشن میں مخصوص HSEمینجمنٹ سسٹم طریقہ ہائے کار دستیاب ہیں۔**

پالیسی ریفرنس: AAO0102-16(ایچ ایس ای کیو) مؤرخہ 19 فروری 2021ء(ترمیمی)

## آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

پیشہ ورانہ صحت، تحفظ اور ماحولیات

# پالیسی بیان اور عزم

بطور ذمہ دار آئل اینڈ گیس E&P کمپنی، ہم اپنی تمام سرگرمیوں صحت، تحفظ اور ماحولیات (HSE) کا خیال رکھنے کے لئے پر عزم ہیں۔ اپنی آپریشنل ضروریات اور مارکیٹ میں اپنی ساکھ برقرار رکھنے کے لئے HSE ذمہ داری نبھانا انتہائی اہم ہے۔ اپنی کثیر سمتی سرگرمیوں کو بروئے کار لانے میں ہم مقامی آبادیوں کی بہبود، ایکو سسٹم اور ماحولیاتی تحفظ کو بھی یقینی بناتے ہیں۔ چونکہ ہم ٹھوس بنیادوں پر تکنیکی ومالیاتی اہلیت کے ساتھ تلاش اور پیداوار کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے لہٰذا ہم مندرجہ ذیل نکات کے لئے پر عزم ہیں:

- HSE پر عبور حاصل کرنے کے لئے ہم ہر سطح پر نمایاں قیادت کا اظہار اور ضروری وسائل، تربیت اور انفراسٹرکچر کی دستیابی کو یقینی بناتے ہیں۔
- خطرات کی نشاندہی کرتے ہیں اور آپریشنل خطرات کے انتظام میں موئثر کنٹرول کو یقینی بناتے ہیں۔
- یہ یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے ادارے مروجہ HSE قوانین، ضوابط، معیار اور دیگر ضروریات کو پورا کریں اور ان پر بھرپور عمل درآمد کریں۔
- جانوں اور اثاثہ جات کی حفاظت اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے عزم اور اہداف طے کریں اور توانائی اور قدرتی وسائل کی بچت کریں۔
- یہ یقینی بنانا کہ کاروبار کو جاری رکھنے کے لئے ہنگامی پلان طے شدہ ہو۔
- ملازمین کو خود ساختہ طریقہ کار اور امور سونپے جائیں اور انہیں غیر محفوظ کام کو روکنے کا اختیار دیا جائے۔ اور انعامات اور اعتراف کے ذریعے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- ایسے ٹھیکے داروں اور سروس کمپنیوں کو لگایا جائے جو HSE کے اعلیٰ معیار کو ہمہ وقت برقرار رکھتے ہوں اور یقین رکھتے ہوں کہ HSE ہر کسی کی ذمہ داری ہے۔
- لیڈنگ انڈیکیٹرز پر لگاتار توجہ دے کر HSE سسٹم کو بہتر کرنا اور لیگنگ انڈیکیٹرز سے سبق سیکھ کر آئیندہ ناخشگوار واقعات کو کنٹرول کرنا۔
- باقاعدگی سے HSE KPIs کی بنیادی کارکردگی کے معیار کا جائزہ لینا اور اس کی رپوٹ پیش کرنا۔

اس پالیسی پر نگرانی کے ذریعے ہم ماحولیاتی تحفظ اور اپنے سٹیک ہولڈرز خصوصاً ملازمین، کلائنٹس، شیئر ہولڈرز، پارٹنرز، کنٹریکٹرز، سب کنٹریکٹرز، سروس کمپنیز اور ملحقہ آبادیوں کی مجموعی فلاح و بہبود میں معاونت کرنے کے لئے پر عزم ہیں۔



Managing Director / CEO

## اہم ترین

تمام لوکیشن پر موجود اپنی ملازمین اور آس پاس کی کمیونٹی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے درج ذیل حفاظتی گائیڈلائینز کو سختی سے عمل درآمد کروایا جائے گا۔ OGDCL کی جانب سے / کے لئے کام کرنے والے تمام افراد اپنی اور اپنے ارد گرد موجود تمام لوگوں کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں۔ البتہ اعلیٰ انتظامیہ بروقت آگاہی، تربیت اور ان احتیاطی تدابیر کی تدوین کے نظام کی تشکیل اور نفاذ کے لئے جواب دہ ہے تاکہ تعمیل اور کارکردگی میں تسلسل اور ربط کو یقینی بنایا جاسکے۔

- کوئی بھی کام (معمول / معمول سے ہٹ کر) اس وقت تک شروع نہی کیا جائے گا جب تک اس میں موجود خطروں کی پیشگی جائزہ لیکر حفاظت سے متعلق ٹول باکس گفتگو اور رسمی میٹنگ کے دوران تبادلہ خیال نہ کیا گیا ہو۔
- تمام مجاز افراد اپنے کام میں تربیت یافتہ اور قابل ہوں گے۔
- ذاتی حفاظتی سامان خطرے کے تعین اور سائیٹ پر کم از کم درکار سامان کے مطابق پہنا جائے گا۔
- ممکنہ ایمرجنسی منظرنامے پر نظر ثانی کے ذریعے مرتب کیا گیا ہنگامی صورت حال پر ردعمل کا پلان کام شروع کرنے سے پہلے برقرار رکھا جائے گا۔
- غیر محفوظ کام کو روکنا ہر فرد کی ذمہ دار ہے (TOP HSE) کارڈ ڈراپ باکس کے ہمراہ ہر اہم جگہ پر دستیاب ہوں گے)۔

- لوکیشن انچارج، سیکشن انچارج، شفٹ انچارج اور سپروائزر یقینی بنائیں گے کہ افرادی قوت کے تمام ممبران کو حفاظتی کتابچہ میں دیے گئے تمام ہدایات سے آگاہ کیا گیا ہے۔

- ہر ورک فورس ممبر کو a) حفاظتی کتابچہ میں موجود احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا ہو گا؛ b) بحفاظت کام اور مثبت حفاظتی کلچر کو پروان چڑھانا ہو گا؛ c) طے شدہ حفاظتی اجلاسوں میں شرکت کرنا ہو گی؛ d) تمام خطرات، غیر محفوظ کام اور حالات سے متعلق لوکیشن انچارج اور HSE کو اطلاع دینا ہو گی اور e) حادثات اور خلاف ورزی سے متعلق لوکیشن انچارج اور HSE نمائندے کو بروقت رپورٹ کرنا ہو گی۔

# OGDCL کے HSE مینجمنٹ سسٹم کا خاکہ

| ACT | CHECK | DO | PLAN | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| HSE فریم ورک کے بنیادی عوامل | | | | | | متن OGM/P-HSE-3.1 | اصطلاحات اور تصریحات OGM/P-HSE-2.1 | دیباچہ OGM/P-HSE-1.1 |
| چھٹا پیش رفت | پانچواں کارکردگی جائزہ | چوتھا آپریشنز | تیسرا سپورٹ | دوسرا منصوبہ بندی | پہلا قیادت | | | |
| مسلسل بہتری کے لئے مواقع OGM/P-HSE-9.1 | UBUC (خطرات) نشاندہی اور رپورٹنگ OGM/P-HSE-8.1 | آپریشنل پلاننگ اور کنٹرول OGM/P-HSE-7.1 | قابلیت اور آگاہی OGM/P-HSE-6.1 | رسک مینجمنٹ OGM/P-HSE-5.1 | HSE & RM پالیسی بیانات OGM/P-HSE-4.1 | | | |
| تبدیلی کا انتظام OGM/P-HSE-9.2 | نگرانی، تعین اور تعمیل کا جائزہ OGM/P-HSE-8.2 | ورک پرمٹ سسٹم OGM/P-HSE-7.2 | رابطہ سازی اور مشاورت OGM/P-HSE-6.2 | کام کی نزاکت اور خطرے کا جائزہ OGM/P-HSE-5.2 | زندگی بچانے کے سنہری اصول OGM/P-HSE-4.2 | | | |
| حادثے کی تحقیقات OGM/P-HSE-9.3 | ڈیٹا کا جائزہ OGM/P-HSE-8.3 | فاضل مادوں کی ہینڈلنگ, ترتیب اور تلفی OGM/P-HSE-7.3 | دستاویزی معلومات OGM/P-HSE-6.3 | قانونی ودیگر تقاضے OGM/P-HSE-5.3 | فرائض، ذمہ داریاں، جواب دہی اور اختیارات OGM/P-HSE-4.3 | | | |
| | انعامات، اعتراف ار جرمانے OGM/P-HSE-8.4 | سفری انتظامات OGM/P-HSE-7.4 | ریکارڈز کا کنٹرول OGM/P-HSE-6.4 | مقاصد اور انتظامی پروگرام OGM/P-HSE-5.4 | بحرانوں سے نمٹنا OGM/P-HSE-4.4 | | | |
| | داخلی آڈٹ OGM/P-HSE-8.5 | ہائیڈروجن سلفائیڈ مینجمنٹ فریم ورک OGM/P-HSE-7.5 | | | ڈھانچہ OGM/P-HSE-4.5 | | | |
| | انتظامی جائزے OGM/P-HSE-8.5 | سروس کمپنیاں اور پروجیکٹ کنٹریکٹرز کی مینجمنٹ OGM/P-HSE-7.6 | | | | | | |
| | | ذاتی حفاظتی سامان کا استعمال OGM/P-HSE-7.7 | | | | | | |
| | | سائیٹ کی بحالی کا انتظام OGM/P-HSE-7.8 | | | | | | |

# بنیادی حفاظتی اصول

## غیر محفوظ کام کو روکنا

- عملے، سامان یا ماحول کو ممکنہ نقصان پہنچنے والے غیر محفوظ کام فوراً بند کر دیں۔

## واقعات کی اطلاع کرنا

- کام سے متعلق معمولی نوعیت کی بھی چوٹوں / بیماریوں سے متعلق اپنے سپر وائزر کو اطلاع کریں۔
- معمولی نوعیت کی بھی آتشزدگی، مائع کے بہاؤ یا اخراج سے متعلق سپر وائزر کو اطلاع دیں۔
- غیر محفوظ صورت حال، عمل، ٹکراؤ یا گاڑیوں کے ٹکراؤ سے متعلق اپنے سپر وائزر کو فوراً آگاہ کریں۔

## حفاظتی اصولوں پر عمل درآمد

- گاڑی چلاتے وقت محفوظ ڈرائیونگ کے تمام اصولوں خصوصاً حد رفتار پر ہمہ وقت عمل کریں۔
- یقینی بنائیں کہ گاڑی میں موجود تمام افراد نے ہمہ وقت سیٹ بیلٹ باندھ رکھی ہو۔
- خطرناک جگہوں یعنی ڈیک اور زمینی سطح کے سوراخوں، گڑھوں، روڈ کراسنگ اور بلندی پر خطرناک کام کے گرد رکاوٹیں اور جھنڈے نصب کریں۔
- کام کے دوران پہلے سے (پہلے سے معائنہ شدہ) صرف منظور شدہ اوزار اور آلات استعمال کریں۔ گھریلو ساختہ، مرمت شدہ یا خراب اوزار استعمال مت کریں۔
- اپنی کام کی جگہ پر ہمہ وقت اچھی ہاؤس کیپنگ کو برقرار رکھیں۔
- صرف مقررہ جگہ پر آرام کریں اور کھانا کھائیں۔
- وزن کو دستی اٹھانے کی باقاعدہ تکنیک استعمال کریں یا بھاری وزن اٹھاتے وقت رہنمائی لیں یا مکینکل لفٹنگ کی مدد طلب کریں۔
- آگ بجھانے والے اور دیگر ایمرجنسی آلات کا معائنہ کریں اور انہیں تمام رکاوٹوں سے پاک رکھیں۔
- (مقامی زبان میں بھی) باقاعدہ لیبلنگ کریں اور تمام کیمیائی یا خطرناک مواد کو ان کے مقررہ کنٹینر میں محفوظ کریں۔ جہاں واضح ہو، ثانوی محبوس جگہوں یا ان ڈرمز کو واضح طور پر نشاندہی کردہ جگہوں پر سٹور کریں۔

## غیر محفوظ سرگرمیوں سے اجتناب کریں

- کام کرنے کے لئے سامان، پائپنگ، والوز یاناہموار سطحوں (یعنی کرسی یابیرل) پر نہ چڑھیں اور نہ ہی کھڑے ہوں۔
- گردشی آلات یابرقی سوئچ گیئر سے ایک بازو کے فاصلے میں انگوٹھی، کلائی گھڑی، زیور، ڈھیلے کپڑے پہننے، کھلے لمبے بال یا کھلے اوزار رکھنے سے گریز کریں۔
- اپنے یادیگر افراد کی سمت میں کمپریسڈ انڈسٹریل گیس کو مت چھوڑیں۔
- "خطرہ-مت چلائیں" ٹیگ پر مشتمل آلات کو مت چلایئے۔
- سپروائزر کی اجازت کے بغیر کسی بھی جگہ کسی بھی آلے پر کام شروع نہ کریں۔
- برقی آلات (یعنی موبائل فون، سمارٹ واچ اور اوزار) باقاعدہ منظوری کے بغیر استعمال نہ کریں جنہیں محفوظ چیزوں کی فہرست میں درج نہ کیا گیا ہو۔
- شرارتوں یالڑائی جھگڑے میں نہ الجھیں۔
- کام کی جگہ پر مت دوڑیں۔

## اپنی حفاظت کریں

- تمام ممنوعہ جگہوں یا مقرر کردہ مخصوص جگہوں پر منظور شدہ ہیلمٹ، اطرافی ڈھال والے حفاظتی چشمے اور حفاظتی جوتے پہنیں۔
- مخصوص خطرات پر مشتمل جگہوں پر منظور شدہ اضافی ذاتی حفاظتی سامان (PPE) بشمول چشمے، چہرے کی ڈھال، سانس کی حفاظت کے آلات اور جسمانی / ہاتھوں کا حفاظتی سامان استعمال کریں۔
- کیمیائی یا خطرناک مواد کی ہینڈلنگ کے وقت کیمیائی خطرات کے بلیٹن (CHB) یا مادوں سے تحفظ کی ڈیٹا شیٹ (MSDS) کے مطابق مناسب PPE پہنیں۔
- زیادہ شور والے جگہوں میں مقررہ علاقوں میں سماعت کو محفوظ رکھنے والے آلات استعمال کریں۔
- ایسا کام کرتے ہوئے ہاتھوں کی حفاظت کے لئے دستانے پہنے جہاں ہاتھ کو چوٹ پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

# فہرست اجزا

## رہنما اصول

اصول01: سروینگ اور ڈوزنگ آپریشنز
اصول02: دھماکہ خیز مواد کو ذخیرہ کرنا
اصول03: دھماکہ خیز مواد کی ہینڈلنگ
اصول04: دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل
اصول05: شاٹ ہول لوڈنگ
اصول06: شاٹ ہول شوٹنگ
اصول07: ریکارڈنگ آپریشنز
اصول08: وائیبروسائز آپریشنز
اصول09: وہیل ماؤنٹڈ ڈرلنگ اور فلشنگ یونٹ آپریشنز
اصول10: پورٹیبل رِگز
اصول11: سویپ آپریشنز / ریور کراسنگز
اصول12: ٹریول سیفٹی پلان
اصول13: ہاؤس کیپنگ
اصول14: سموکنگ
اصول15: تندرستی اور حفظان صحت
اصول16: ہدایات برائے ہینڈلنگ ایندھن، تیل اور کیمیائی مواد
اصول17: ہدایات برائے ماحولیاتی تحفظ
اصول18: ہدایات برائے اوپن آکشن

## ضمیمہ جات


ضمیمہA: رابطے کا کم از کم فاصلہ
ضمیمہB: کور آل اور ہارڈ ہیٹ کے لئے کلر کوڈ
ضمیمہC: لفٹنگ گیئرز کی دیکھ بھال کے لئے کلر کوڈنگ
ضمیمہD: گراونڈنگ کی کلر کوڈنگ
ضمیمہE: لاک آؤٹ کلر کوڈنگ
ضمیمہF: ویسٹ ڈرمز کی کلر کوڈنگ
ضمیمہG: ورک پرمٹ کی کلر کوڈنگ
ضمیمہH: HMIS کے لئے کلر کوڈنگ
ضمیمہI: ذاتی حفاظتی سامان(PPE) کی اقسام
ضمیمہJ: قومی ماحولیاتی معیار کے اصول(NEQS)
(صنعت کی طرف نگرانی اور رپورٹنگ) قواعد2001ء،
SRO 528(1)/2001
ضمیمہK: ہنگامی حالات کے درجے

# اصول 01
# سرویئنگ اور ڈوزنگ آپریشنز

سرویئرز کسی بھی نئے پروجیکٹ کے جائزے کے لئے جانے والے پہلے کارکن ہوتے ہیں۔انہیں دیگر عملے کو جانوروں، حشرات(شہد کی مکھیوں)،زیرزمین گیس یا بجلی کی لائنز،برقی باڑ،علاقے کی حدود میں موجود شکاریوں،بارودی سرنگوں یا چھپے ہوئے گڑھوں یا سوراخوں اور کمزور پلوں سے متعلق آگاہ کرنا ہو گا۔

- سروے سیکشن نقشے کا خاکہ تیار کرکے تقسیم کرے گا جس میں مندرجہ ذیل تمام خطرناک مقامات کی نشاندہی کی گئی ہو،واضح رہے کہ مندرجہ یہ فہرست انہی تک محدود نہیں:
  - بجلی،گیس،پانی اور ٹیلی فون لائنز
  - ریڈیو،ٹیلی ویژن اور ریڈار ٹرانسمٹرز
  - کمزور پُل
  - باڑ
  - جانور وحشرات(جیسا کہ شہد کی مکھیاں)
- حادثات سے بچنے اور ٹریفک کی محفوظ اور مسلسل روانی سے متعلق آگاہ کرنے کے لئے ٹریفک کنٹرول کا نظام ضروری ہے۔
- سڑک کے کنارے پر کام کرتے ہوئے وارننگ لائٹس،جھنڈے اور علامات ضروری ہیں۔
- گاڑیوں کی وارننگ تمام اطراف سے واضح نظر آنی چاہیئے۔ہر گاڑی کی وارننگ لائٹس اور چار طرفہ فلیشرز فعال ہوں۔
- آپریشنز کے دوران فلیگ مین اور کریو کا تمام عملہ چمکدار حفاظتی جیکٹ اور ہیلمٹ پہنے گا تا کہ ان کی آسانی سے نشاندہی ہو سکے اور دیگر راہگیروں سے منفرد نظر آئیں۔
- اگر عوامی گزرگاہ کی ایک لین بند ہو تو ٹریفک کو رکاوٹ ڈالنے والے آلات سے دوسری سمت میں بھیجنے کے لئے فلیگ مین تعینات ہو گا۔فلیگ مین دو روئیہ ریڈیوز اور STOP & GO علامات سے لیس ہو گا۔
- عوامی سڑک پر کام کرتے ہوئے کام کی جگہ سے دونوں اطراف میں انتباہی علامات نصب اور فعال ہونی چاہئیں۔
- پہاڑی علاقوں می سروے ٹریک کی ڈوزنگ اس طرح کی جائے،کہ سروے ٹریک بھاری گاڑیوں کی آمدورفت کے لئے محفوظ رہے۔
- شدید بارشوں/سیلاب کے بعد متاثرہ/خراب راستوں کو ری ڈوز کیا جائے۔

- ڈوزرز سے ڈھلوانوں کی ڈوزنگ کا کام یوں کیا جائے کہ (سائیڈ ہلز) پر 45 فی صد سے زائد، اپ ہل ڈھلوان پر 55 فی صد سے زائد یا ڈاؤن ہل پر 75 فی صد سے زائد ڈھلوان (تصویر ملاحظہ کریں۔




- اٹیچمنٹ کو کم سطح پر رکھ کر ڈھلوانوں پر آہستگی سے کام کرنا چاہیئے۔
- مقامی آبادیوں کو اپنے ارادے اور ان کے علاقے میں آپریشن کے طریقہ کار سے متعلق قبل از وقت آگاہ کیا جائے۔
- گھروں، ٹیوب ویلز، قبرستان یا دیگر عمارتوں سے (ضوابط کے مطابق) محفوظ فاصلے پر شاٹ پوائنٹس لگائے جائیں۔

## اصول 02
## دھماکہ خیز مواد کو ذخیرہ کرنا

- دھماکہ خیز مواد پر مشتمل ہر کھیپ پر اصلی میٹریل سیفٹی ڈیٹا شیٹ (MSDS) موجود ہونی چاہئے اگر کسی دھماکہ خیز مواد کی MSDS موجود نہ ہو تو لوکیشن انچارج کو فوراً سپلائر، مینوفیکچر یا امپورٹر سے رابطہ کر کے (حتمی ادائیگی سے قبل) MSDS طلب کرنی چاہئے اور ریکارڈ میں درج کرنا چاہئے۔
- دھماکہ خیز مواد کی MSDS پر تمام ورک فورس اراکین کو اپنی کام کی جگہ پر مکمل رسائی ہونی چاہئے۔
- HSE نمائندہ MSDS استعمال کرتے ہوئے دھماکہ خیز مواد سے حفاظت پر تربیت فراہم کرے گا تاکہ اس کی a) ترکیب b) طبعی و کیمیائی خطرات c) منسوب خطرات یعنی آتشزدگی اور دھماکہ d) صحت کو خطرات یعنی دھماکہ خیز مواد چھو جانے کی علامات، e) چھو جانے کا راستہ اور حد f) محفوظ ہینڈلنگ کے احتیاطیں، استعمال اور تلفی g) ہنگامی حالات اور ابتدائی طبی امداد کا طریقہ اور h) کنٹرول کے اقدامات
- دھماکہ خیز مواد کو ذخیرہ کرنے کے لئے علاقائی سرکاری ضوابط پر عمل کرنا ہو گا۔ ذخیرہ کی جگہیں عوامی مقامات، فیکٹریوں اور گھروں سے محفوظ فاصلے پر قائم ہونی چاہئیں۔ اس مقام تک سڑک سے مکمل رسائی ہونی چاہئے۔
- دھماکہ خیز مواد کو ذخیرہ کرنے سے قبل ہر میگزین پر مناسب لائٹننگ اریسٹر نصب ہونے چاہئیں۔
- دھماکہ خیز مواد کے ذخیرہ اور ہینڈلنگ کی جگہ کے ارد گرد سگریٹ نوشی، ماچس، روشنی اور چنگاری پیدا کرنے والے آلات یعنی سلفیورک ایسڈ، پٹرولیم وغیرہ کی اجازت نہ ہو گی۔
- دھماکہ خیز مواد میگزین میں رکھا / ذخیرہ کیا جائے گا۔ ڈائنامائٹ اور ڈیٹونیٹر کو ہمیشہ علیحدہ میگزین میں ذخیرہ کیا جائے گا۔
- میگزین کے بالائی کناروں کو چاروں طرف سے اٹھا کر بنانا چاہئے تاکہ میگزین سے پانی کی نکاسی باہر کی طرف ہوتی رہے۔ تعمیر میں غیر آتش گیر مواد استعمال کیا جائے۔ میگزین میں برقی تنصیبات سے گریز کیا جائے۔
- میگزین ہوا دار ہونا چاہئے تاکہ نمی یا بہت زیادہ حرارت سے دھماکہ خیز مواد کو بچایا جا سکے۔ میگزین میں تمام استعمال شدہ اوزار اور آلات صرف لکڑی، پیتل یا براس کے بنے ہونے چاہئیں۔
- میگزین کے تمام دروازے باہر کی جانب کھلنے چاہئیں۔
- میگزین کا فرش صاف، خشک، گرد، کاغذ، خالی پیکیجز اور کوڑے سے پاک رہنا چاہئے۔ پچیس (25) میٹر تک کے ملحقہ رقبہ کو آتش گیر مواد، کوڑے اور بڑی رکاوٹوں سے پاک رکھنا چاہئے۔ کمپاؤنڈ کے اندر یا اس کے قریب کوڑے کرکٹ کو تلف نہ کریں۔ کمپاؤنڈ میں داخلے سے قبل آتش گیر چیزوں کی تلاش کے لئے تمام عملے کی جامہ تلاشی لی جائے۔

- دھماکہ خیز مواد پر مشتمل کنٹینر کو دیواروں سے 300ملی میٹر کے فاصلے پر رکھیں تاکہ اس میں آسانی سے ہوا کی آمدورفت ہو سکے۔
- ڈبے میں بند مواد کو سیدھا، بالائی سطح اوپر کی جانب گریڈ اور برانڈ کے ساتھ جہاں برانڈ اور لیبل واضح ہو، رکھنا چاہیے۔
- ٹوٹے ہوئے، ناقص یا زائد المیعاد مواد کو علیحدہ میگزین میں رکھا اور ذخیرہ کیا جائے اور اس پر "انتباہ: سیسمک استعمال کے لئے غیر موزوں" کا لیبل لگایا جائے۔
- ہر طرف سے میگزین کے ساتھ منسلک وارننگ علامات چھے (6) انچ کے حروف پر مشتمل الفاظ "میگزین، دھماکہ خیز مواد، خطرناک" سے لیبل کی جائیں۔
- "درج ذیل کام کبھی بھی نہیں ہونے چاہئیں"
  - میگزین میں مہمانوں یا نامعلوم افراد کا داخلہ
  - میگزین کے اندر دھماکہ خیز مواد کا کنٹینر کھلا ہونا۔
  - میگزین میں تمباکو نوشی یا دھواں دار مواد کی اجازت
  - میگزین کے قریب اسلحہ یا گولیاں لے جانے کی اجازت
  - میگزین تک غیر مجاز افراد کو رسائی کی اجازت
  - میگزین میں سیل فون لے جانے کی اجازت
- میگزین کے دروازے کی تالہ بندی ہونی چاہیے ماسوائے معائنہ یا دھماکہ خیز مواد کی نقل حمل کے وقت
- میگزین موزوں آگ بجھانے والے آلات سے لیس ہونا چاہیے۔
- میگزین کمپلیکس مناسب ساخت کی دھاتی باڑ سے گھرا ہونا چاہیے۔

- میگزین سے دھماکہ خیز مواد نکالنے یا واپس رکھنے کا ریکارڈ فوراً اپ ڈیٹ کرنا چاہیئے اور اس ریکارڈ کی نقل میگزین سے باہر محفوظ جگہ پر رکھنی چاہیئے۔ مزید ایک وزیٹر بُک تیار کرنی چاہیئے جس میں میگزین میں داخل / خارج ہونے والے اہلکاروں کا ریکارڈ درج ہو۔
- دھماکہ خیز مواد کی چوری کی صورت میں باقاعدہ رپورٹنگ ہونی چاہیئے۔
- میگزین کی اندرونی جگہ کی مرمت سے قبل تمام دھماکہ خیز مواد نکال لینا چاہیئے اور فرش کو صاف کرنا چاہیئے۔
- میگزین کی سکیورٹی پر خصوصی توجہ دینی چاہیئے۔
- پارٹی چیف روزانہ کی بنیاد پر دھماکہ خیز مواد کی حالیہ انوینٹری تیار کرنے گا جس میں دھماکہ خیز مواد کے اجرا اور واپسی کے ساتھ متعلقہ عملے کے دستخط ہوں گے۔

## اصول 03
## دھماکہ خیز مواد کی ہینڈلنگ

- دھماکہ خیز مواد کاسب سے پرانا سٹاک پہلے استعمال کیاجائے۔
- دھماکہ خیز مواد کو ہینڈل یاکھولتے وقت دھاتی اوزار استعمال مت کریں۔
- دھماکہ خیز مواد کو پھینکنے، سرکانے یاعجلت میں ہینڈل کرنے سے گریز کریں۔
- مسترد دھماکہ خیز مواد کو صرف مجاز تربیت یافتہ عملے ہی تلف کرے گا۔
- دھماکہ خیز مواد کو صرف لوڈرز اور شوٹرز ہی ہینڈل اور استعمال کریں گے۔
- بکس کو انتہائی احتیاط سے ہینڈل کیاجائے اور انہیں کسی صورت پھینکا، فرش پر سرکایا یا رگڑا نہ جائے۔
- بیماری کی حالت میں یاغنودگی کا باعث بننے والی ادویات کے استعمال یاشراب یامنشیات کے نشے میں دھماکہ خیز مواد کو ہینڈل کرنے سے گریز کریں۔

# اصول 04
# دھماکہ خیز مواد کی نقل و حمل

- دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل خصوصی طور پر تیار اور ڈیزائن کردہ گاڑیوں میں ہی کی جائے۔(پبلک ٹرانسپورٹ پر کبھی بھی دھماکہ خیز مواد منتقل نہ کریں)
- یقینی بنائیں کہ دھماکہ خیز مواد کی لوڈنگ سے قبل گاڑی بارود اور ڈیٹونیٹر کی منتقلی کے لئے محفوظ ہے۔
- دھماکہ خیز مواد منتقل کرنے والی گاڑی کا ڈرائیور طبعی لحاظ سے تندرست اور کارآمد لائسنس کا حامل ہونا چاہیئے۔ڈرائیور کو حفاظتی معیارات اور ہنگامی صورت حال میں لئے جانے والے اقدامات (مثلاًفائر فائٹنگ اور فرسٹ ایڈ میں تربیت یافتہ) سے مکمل طور پر واقف ہونا چاہیئے۔
- لائسنس یافتہ شوٹر انچارج کے علاوہ دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل کے لئے استعمال گاڑی میں مسافروں اور غیر متعلقہ افراد کو داخل ہونے کی اجازت نہیں۔
- ڈیٹونیٹر کو دھماکہ خیز مواد کے ساتھ منتقل نہ کیا جائے۔ان کی نقل وحمل کے لئے علیحدہ گاڑی کا استعمال کیا جائے۔ڈیٹونیٹرز کو موزوں کنٹینیرز میں ہی منتقل کیا جائے۔
- دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل کے لئے زیر استعمال گاڑی مکمل چارج شدہ اور فعال واٹر ٹائپ ایکسٹنگو ئشر سے لیس ہونی چاہیئے۔ابتدائی طبی امداد کی کِٹ اور اوزار گاڑی میں دستیاب ہونے چاہئیں۔ڈرائیور فائیر فائٹنگ اور ابتدائی طبی امداد کی تدابیر کا ماہر ہونا چاہیئے۔
- گاڑی کی واضح طور پر اگلی اور پچھلی جانب "خطرہ-دھماکہ خیز مواد" جیسی انتباہی علامت سے نشاندہی ہونی چاہیئے۔فرنٹ پر دونوں اطراف میں دو سرخ انتباہی جھنڈے لگائے جائیں۔گاڑی اگلی اور پچھلی جانب گھومنے والی سرخ لائٹ سے لیس ہونی چاہیئے۔
- ڈرائیور کے کیبن میں کسی قسم کا دھماکہ خیز مواد اور ڈیٹونیٹر نہ رکھا جائے۔
- کیمپ سائیٹ کے احاطہ میں دھماکہ خیز مواد اور ڈیٹونیٹرز کو رکھا/ زخیرہ نہ کیا جائے۔
- دھماکہ خیز مواد رکھتے اور لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے وقت تمباکونوشی سے سختی سے پرہیز کیا جائے۔
- خطرناک، آتش گیر مواد(ماچس، ایندھن، شعلہ پیدا کرنے والے آلات) دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل کرنے والی گاڑی میں نہ رکھے جائیں۔
- دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل کرنے والی گاڑی میں ریڈیو نصب نہ کیا جائے۔
- دھماکہ خیز مواد کی نقل وحمل کرنے والی گاڑی میں میں یا اس کے قریب نشے میں دھت افراد کو جانے کی اجازت نہ ہو گی۔

- ریڈیو فریکوئنسی(RF)ٹرانسمیٹرز جس میں AM اور FM ریڈیو کی سہولت ہو، ٹیلی ویژن اور راڈار طاقتور مقناطیسی فیلڈ بناتے ہیں جو ٹرانسمیٹر انٹینا سے شدت کے فاصلہ کو کم کرتا ہے۔ کئی ملٹری ٹرانسمیٹرز بھی موجود ہوتے ہیں جن کی فریکوئنسی کلوہرٹز(kHz) سے ہزاروں میگاہرٹز(MHz) تک ہوتی ہے۔ جن کی اکثر زیادہ پاور آؤٹ پُٹ ہوتی ہے۔ ایسی صورتوں میں کام روک کر اس کو دوبارہ شیڈول کیا جانا چاہیئے۔
- مخصوص صورتوں میں، الیکٹرک ڈیٹونیٹر وائرز میں ایسے فیلڈز سے کافی الیکٹرک انرجی پیدا ہوتی ہے جس سے دھماکہ ہو سکتا ہے۔ ریڈیو ٹرانسمیٹرز کے علاقے میں دھماکہ خیز مواد کی ٹرانسپورٹنگ کے وقت مندرجہ ذیل معیار کے مطابق کم از کم فاصلہ ہونا چاہیئے:

| پاور واٹ | کم از کم فاصلہ | پاور واٹ | کم از کم فاصلہ |
|---|---|---|---|
| 50-0 | 75میٹر | 10000-1000 | 750میٹر |
| 250-50 | 150میٹر | 50000-10000 | 1500میٹر |
| 1000-250 | 300میٹر | 100000-50000 | 2300میٹر |

- بجلی کی تاروں کے متوازی یا ان کے قریب گاڑی کو کھڑا کرنے سے گریز کریں۔ میگزین کی طرف آنے جانے کے راستے اور جگہ کا قبل از وقت تعین کریں اور پروگرام سے متعلق ڈرائیورز کو آگاہ کریں۔ گاڑیاں حساس علاقوں سے محفوظ فاصلے پر کھڑی کریں۔ سڑکوں اور کچے راستوں پر گاڑی کی رفتار بالترتیب 60 اور 30 کلو میٹر فی گھنٹہ رکھیں۔ گاڑی کی رفتار معینہ حد سے تجاوز نہ کرے۔
- منتقلی کے دوران دھماکہ خیز مواد کو دن رات بغیر نگرانی کے نہ چھوڑیں۔
- گاڑی میں پٹرول یا ڈیزل بھرتے وقت یا دھماکہ خیز مواد کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے دوران انجن نہ چلائیں۔
- گاڑی کی باڈی اور فرش کو باہر سے مکمل طور پر میٹلنیٹ سے ڈھانپیں اور اندرونی سطح کو لکڑی یا غیر موصل تہہ سے ڈھانپیں تا کہ گاڑی آتشزدگی کے خلاف مزاحمت کرے یہ آتشزدگی سے محفوظ رہے۔ گاڑی کی باڈی میں پیچھے کی جانب دروازے کے علاوہ کوئی خلا نہیں ہونا چاہیئے۔ گاڑی کی اندرونی ساخت صاف اور درست حالت میں رکھی جائے۔

- حادثے یا بریک ڈاؤن کی صورت میں ایک آدمی گاڑی کے قریب کھڑا ہو گا جب کہ دوسرا آدمی پولیس، بیس کیمپ اور پارٹی چیف کو اطلاع دے گا۔
- گاڑی کے بریک ڈاؤن کی صورت میں دھماکہ خیز مواد ماہر پروفیشنل کی نگرانی میں دوسری گاڑی میں منتقل کیا جائے گا۔
- ڈرائیور کیبن میں آتشزدگی کی صورت میں فوراً آگ بجھانے والے آلات کا استعمال کریں۔ حالات کے پیشِ نظر دیگر ضروری اقدام عمل میں لائے جائیں گے۔
- مسافروں کی آمد و رفت کے لئے استعمال پبلک ٹرانسپورٹ میں دھماکہ خیز مواد کبھی بھی منتقل نہ کریں۔
- اگر دھماکہ خیز مواد سے لیس گاڑی کی مرمت درکار ہو تو ورکشاپ کے حوالے کرنے سے پہلے دھماکہ خیز مواد کو دوسری گاڑی میں منتقل کیا جائے۔

# اصول 05
## شاٹ ہول لوڈنگ

- لوڈنگ کرنے والا عملہ دھماکہ خیز مواد کو میگزین میں رکھنے کے لئے تجربہ کار اور تربیت یافتہ ہونا چاہیئے۔
- بارود اور ڈیٹونیٹرز کو مخصوص کنٹینرز میں علیحدہ علیحدہ رکھا جائے اور ان کے درمیان کم از کم 25 میٹر کا محفوظ فاصلہ ہونا چاہیئے۔
- لوڈر یقینی بنائے گا کہ بارود اور ڈیٹونیٹر لوڈ کئے جانے والے شاٹ پوائنٹ کے دونوں طرف 25 میٹر کے فاصلے پر ہوں اور ان کی ہمہ وقت نگرانی کی جائے۔
- لوڈنگ سپروائزر لوڈنگ آپریشن سے قبل تمام علاقہ صاف کرے گا۔ اس میں کریو کے اہلکار اور دیگر افراد شامل ہیں۔
- صرف ہول کے لئے درکار دھماکہ خیز مواد اور ڈیٹونیٹرز کی مقدار ہی ڈبے سے نکالی جائے۔ دھماکہ خیز مواد اور ڈیٹونیٹرز نکالنے کے فوراً بعد ڈبوں کو بند کر دیا جائے۔
- دھماکہ کے تمام آپریشنز کو طوفان بادوباراں کے دوران روک دیا جائے۔
- لوڈنگ سے قبل لوڈر ہول کو یہ یقینی بنانے کے لئے چیک کرے گا کہ یہ محفوظ گہرائی تک کھلا ہے۔
- کام کی جگہ پر دھماکہ خیز مواد منتقل کرنے سے قبل محفوظ ہینڈلنگ اور سٹوریج کو یقینی بنایا جائے گا۔
- دھماکہ خیز مواد استعمال کرنے کی جگہ کے 30 میٹر کے رداس میں سگریٹ نوشی اور کھلے شعلے کی اجازت نہیں۔
- لوڈ کئے جانے والے چارج کے علاوہ دھماکہ خیز مواد سوراخوں سے محفوظ فاصلے (یعنی کم از کم 30 میٹر) پر ہونا چاہیئے۔
- چارج لوڈ کرنے کے ضروری کام کے علاوہ لوڈنگ ہولز کے قریب کسی بھی کام سے گریز کریں۔
- ہولز کے قریب تمام افراد انتباہی احکامات سننے، دیکھنے اور سمجھنے کے قابل ہونے چاہئیں۔
- مختلف کریو کی جانب سے پیٹرن ہول لوڈنگ کے وقت محفوظ فاصلے کو یقینی بنایا جائے جس کے لئے سپروائزر کی چوکسی کے ساتھ نگرانی درکار ہے۔
- ہولز کا مناسب قطر ہونا چاہیئے تاکہ دھماکہ خیز مواد کو دبائے بغیر آسانی سے ہول میں ڈالا جا سکے۔
- ڈرلنگ مکمل ہونے اور پائپ کو نکالنے کے فوری بعد لوڈ کرنا بہتر ہے۔
- قبل از وقت چارج یعنی دھماکہ خیز مواد میں ڈیٹونیٹرز داخل نہ کریں۔
- اس میں ڈیٹونیٹر داخل کرنے کے فوری بعد اس کے گرد چارج لوڈ کریں۔
- دھماکہ خیز مواد میں ڈیٹونیٹر داخل کرنے کی غرض سے غیر موصل مادے (نوکدار چھڑی) کی مدد سے اس میں سوراخ کریں۔

- چارج بنانے کے بعد ڈیٹونیٹر کے وائر کو بارود کے گرد تین چار چکر گھما کر گانٹھ لگادیں تاکہ ڈیٹونیٹر پر دباؤ نہ پڑے۔
- چارج لوڈ کرتے وقت منظور شدہ گیلوینومیٹر کی مدد سے سرکٹ چیک کریں اور ٹیسٹنگ کے وقت ہول پر احتیاط سے کھڑے ہوں۔
- گہرے ہولز میں چارج کی لوڈنگ کے لئے عموماً لوڈنگ پولز استعمال ہوتے ہیں۔ یہ پول غیر موصول مادے (لکڑی) سے بنے ہونے چاہئیں جس پر سٹیٹک چارج نہ آئے۔
- ہول میں چارج پھنس جانے کی صورت میں اسے زبردستی نہ کھینچیں۔ لوڈشدہ ہول کے قریب ایک اور ہول کریں اور پھنسے ہوئے چارج تک مطلوبہ گہرائی میں دوبارہ لوڈ کریں۔ (نئے لوڈشدہ ہول کا دھماکہ کرتے وقت ہول میں پھنسا چارج بھی پھٹ جائے گا)۔
- یقینی بنائیں کہ چارج ہول میں معلق نہ ہو۔
- جب ہولز لوڈ ہو جائیں تو انہیں مٹی، گارے وغیرہ سے بھر دیں۔ بھرائی کے لئے استعمال سلاخ غیر موصول مادے سے بنی ہونی چاہئے۔
- ہول ٹھنڈا ہونے تک چارج لوڈ مت کریں۔

# اصول 06
## شاٹ ہول شوٹنگ

- کسی بھی دھماکہ خیز مواد کی ڈیٹونیٹنگ سے قبل ملازمین، عوام، مویشیوں، جنگلی حیات اور املاک کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ تمام شوٹرز دھماکہ خیز مواد کو ہینڈل کرنے کے لئے تربیت یافتہ، تجربہ کار اور سند یافتہ ہونے چاہئیں۔ اسی طرح سے شوٹنگ کریو کے ممبران بھی دھماکہ خیز مواد کو استعمال کرنے کے لئے تربیت یافتہ اور تجربہ کار ہونے چاہئیں۔ شوٹنگ کے طریقہ کار کے کتابچہ کی کم از کم ایک نقل کریو کے پاس ہونی چاہئے۔ فرسٹ ایڈ باکس بھی دستیاب ہونا چاہئے۔
- سرفیس شوٹنگ ایریا میں کام کرنے والے ملازمین مندرجہ ذیل حفاظتی آلات سے لیس ہونے چاہئیں:
  - ہیلمٹ
  - چمڑے کے دستانے
  - ایئر پلگ
  - سیفٹی شوز
  - فیس ماسک
  - اطرافی ڈھال پر مشتمل چشمے
- شوٹر یقینی بنائے گا کہ کریو کے تمام ممبران کو باقاعدہ ذاتی حفاظتی سامان (PPE) جاری کیا جائے اور وہ اسے پہن کر رکھیں۔ تمام اہلکار طبی انخلاء کے طریقہ کار سے واقف ہوں۔
- شوٹر اور ریکارڈر (آبزرور) کے مابین واکی ٹاکی کے ذریعے مسلسل رابطہ ہونا چاہئے۔
- کسی عمارت، ریلوے لائن، سڑک، بجلی اور ٹیلی فون کی لائنز کے قریب دھماکہ نہ کریں۔ جن تنصیبات کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو ان کے قریب دھماکہ خیز مواد استعمال نہ کریں۔
- ایک ہول میں چارج لوڈ کرنے کے بعد تصدیق کریں کہ لوڈ کیا گیا چارج نکالا نہ جا سکے۔ یہ عمل عموماً ہول کو بھر کر کیا جاتا ہے۔ ڈیٹونیٹر وائرز زمین میں گاڑھی جائیں تاکہ غیر مجاز افراد تک ان کی رسائی نہ ہو۔
- دھماکہ خیز مواد / ڈیٹونیٹر کے معائنہ کے لئے دھماکہ خیز مواد تیار کرنے والی اتھارٹی کا منظور شدہ سامان اور مجوزہ تکنیک استعمال کریں۔

- دھماکہ خیز مواد کے معائنہ کے لئے زیر استعمال آلات / اوزار ہمہ وقت کام کی درست حالت میں رہنے چاہئیں۔ اگر ان کے کام میں کوئی شک ہو تو انہیں فوراً تبدیل کر دینا چاہیئے۔ دھماکہ خیز مواد کے معائنہ کے لئے ناقص آلات کا استعمال فوراً روک دینا چاہیئے۔
- ڈیٹونیٹر وائرز کے تسلسل کو چیک کرنے کے لئے ملٹی میٹر کبھی استعمال نہ کریں۔
- شوٹر شاٹ پوائنٹ سے محفوظ فاصلے اور مقام پہ ہو اور اس کو شاٹ پوائنٹ پر مکمل کنٹرول ہو۔
- شوٹنگ کی جگہ سے شوٹر کو شاٹ پوائنٹ واضح نظر آنا چاہیئے۔
- شوٹنگ کے لئے بلاسٹر کے ساتھ منسلک ہونے تک ڈیٹونیٹر لیڈز اور شوٹنگ لائن کو دبا کر رکھیں۔
- جوڑ احتیاط سے لگائیں اور اچھی غیر موصول وائرز کا استعمال کریں۔
- پیٹرن ہول میں سیریز سرکٹ فائرنگ لائن استعمال ہونی چاہیئے۔
- بلاسٹر تمام ڈیٹونیٹرز کو ڈیٹونیٹ کرنے کے لئے درکار اضافی کرنٹ فراہم کرنے کے قابل ہونے چاہئیں۔
- بلاسٹرز کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے اور یقینی بنایا جائے کہ یہ دھماکہ خیز مواد کو اڑانے کے لئے مناسب کرنٹ فراہم کر سکتا ہے۔
- شاٹ فائر کرنے سے پہلے بلند آواز میں اشارہ کیا جائے۔
- سرفیس پیٹرن کی شوٹنگ سے پہلے یقینی بنائیں کہ تمام افراد اور گاڑیاں محفوظ فاصلے پر ہوں۔
- فائر ضائع ہونے کی صورت میں تمام افراد کم از کم آدھے گھنٹے کے لئے چارج سے دور رہیں۔ چارج کی ری پرمنگ سے پہلے ماہر نگران احتیاط سے سرکٹ چیک کرے گا۔
- شوٹنگ کریو ہوا کی سمت میں کھڑا ہو گا تاکہ شاٹ کی وجہ سے پیدا دھواں، شعلے اور گرد اُس کے سانس میں نہ جائیں۔ اس سے شدید سر درد اور متلی ہو سکتی ہے۔
- شاٹ کے نتیجے میں سر پر پہاڑی تودے گرنے سے مکمل طور پر آگاہ رہیں۔
- پانچ منٹ تک چوکس رہیں کہ "بلو آوٹ" ہو سکتا ہے۔
- شک اور غلطی سے بچنے کے لئے پیٹرن شوٹنگ میں صرف ایک وائر استعمال کریں۔
- شوٹر شاٹ پر مکمل کنٹرول رکھتا ہو اور شاٹ کی جگہ پر نامساعد حالت کے باعث وہ شاٹ کو کسی بھی وقت روکنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔
- دھماکے کے بعد کوئی شخص اُس جگہ میں شوٹر کی اجازت کے بغیر داخل نہیں ہو گا۔
- فائر ضائع ہونے کی صورت میں، مندرجہ ذیل طریقہ کار اپنایا جائے۔

- تمام افراد کو چارج سے کم از کم ایک گھنٹہ کے لئے دور رکھا جائے۔
- فائرنگ لائن چیک کی جائے اور منقطع ہونے کی صورت میں اسے بدلا جائے۔
- ڈیٹونیٹرز کے جوڑ چیک کئے جائیں۔ اگر کوئی ڈیٹونیٹر غیر فعال ہو جائے تو بقیہ پیٹرن کو اضافی ہول کی ڈرلنگ کے ذریعے شاٹ کیا جائے گا۔

- شوٹر اگلے شاٹ پوائنٹ پر جائے تو وہ تمام وائرز اٹھائے گا اور یقینی بنائے گا کہ علاقہ اگلے شاٹ پوائنٹ پر جانے سے پہلے صاف ہو۔
- ڈیٹونیٹنگ سے قبل شوٹر، کریو اور تمام دیگر اراکین آپس میں رابطہ رکھیں گے تا کہ کوئی بھی غیر متعلقہ شخص شاٹ ایریا میں داخل نہ ہو۔ آپریشن ایریا میں غیر متعلقہ شخص کی موجودگی سے متعلق تمام کریو اراکین رپورٹ کریں گے۔
- تمام سڑکوں اور شاٹ ایریا کی جانب جانے والے راستوں پر انتباہی علامات نصب کی جائیں۔ علامات اس جگہ میں دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی نشاندہی کریں گی۔ تمام علامات اور پلے کارڈز پر مقامی زبان استعمال کریں۔

## اصول 07
## ریکارڈنگ آپریشنز

- آتشزدگی سے بچنے کے لئے ریکارڈنگ کی گاڑی ایسی جگہ پر کھڑی کریں جہاں لمبی گھاس اور جھاڑیاں نہ ہوں۔
- برقی طوفان آنے کی صورت میں، تمام آپریشنز روک دیں اور تاروں کو ریکارڈنگ ٹرک سے منقطع کر دیں۔ اہلکار کو لوڈ شدہ ہولز یا دھماکہ خیز مواد سے محفوظ فاصلہ رکھنے کی ہدایت کریں۔
- گاڑی کے ذریعے تار پکڑتے یا رکھتے ہوئے جڑی بوٹیوں، جھاڑیوں، لٹکی ہوئی تاروں اور دیگر خطرات سے آگاہ رہیں۔
- کیبل کی ہینڈلنگ کے وقت ہمیشہ چمڑے کے دستانے پہنیں۔ تار کو ہاتھوں کے ذریعے سمیٹیں۔
- کیبل کو سڑک یا گلی میں نہ پھیلائیں۔ ٹیلی فون یا ٹیلی گراف کے کھمبوں پر کیبل کو نہ پھینکیں۔
- ٹرک سے اندر اور باہر کیبل فیڈ کرنے والے کیبل ہینڈلرز قابل رسائی ایمرجنسی ہارن بٹن پر مشتمل ہونے چاہئیں۔
- دستی طور پر کیبل کو ہینڈل کرتے وقت اپنے اوپر حد سے زیادہ بوجھ نہ ڈالیں۔ وزن اٹھا کر گڑھوں کو پھلانگنا اور باڑ کے نیچے یا اوپر سے گزرنا منع ہے۔
- باڑی کے گرد کیبل کی کوائلنگ کے وقت احتیاط سے کام لیں۔ اگر کیبل ایک سرا کسی گزرنے والی گاڑی میں پھنس جائے تو شدید چوٹ لگ سکتی ہے۔
- جیوفونز سٹرنگز پر بیٹھنا اور کھڑے ہونا منع ہے کیونکہ اس کی نوک شدید چوٹ کا باعث بن سکتی ہے۔
- جیوفون سٹرنگز کو حد سے زیادہ نہ کھینچیں اور نہ ہی جھٹکا دیں۔ اس طرح آلہ خراب ہو سکتا ہے یا جیوفون کی نوک شدید چوٹ کا باعث بن سکتی ہے۔
- اگر ٹرک کے ذریعے ریکارڈنگ آپریشن کیا جاتا ہے تو جنریٹر کا ایگزاسٹ سسٹم باقاعدگی سے چیک کیا جائے تک ریکارڈنگ کیب میں ایگزاسٹ کے شعلے نہ جا سکیں۔ پروپین اور دیگر ہیٹرز کو مناسب انداز میں ہوادار کریں۔

- جہاں ممکن ہو، سڑک سے گزرنے والی کیبل کو نالی میں سے گزاریں۔ اگر کوئی کیبل سڑک کی سطح سے گزارنی ہو تو اسے کیبل پروٹیکٹر میں رکھیں اور سڑک کی سطح کو ڈکٹ ٹیپ لگا کر محفوظ کریں۔
- مصروف ہائی وے پر پھیلی کیبل کو متواتر چیک کرتے رہیں تاکہ یقینی بنایا جاسکے کہ اُس پر سے ٹیپ نہ اترے اور نہ ہی وہ الگ ہو۔
- کیبل سے ٹریفک گزر رہی ہو تو کیبلز پر کام نہ کریں۔
- سڑک پر کیبل کو لٹکانے سے گریز کریں۔ اگر کیبل کو لٹکانا ضروری ہو تو یقینی بنائیں کہ اس کی بلندی اتنی ہو کہ گاڑیاں اس کے نیچے سے آسانی سے گزر سکیں۔
- کیبلز کو مضبوطی سے باندھیں۔ انتباہی علامات لگائیں اور نمایاں کرنے کے لئے کیبل کو کسی ربن سے باندھ دیں۔
- جھاڑیوں اور گھاس میں کیبل رکھتے وقت علاقے کو سانپوں، بچھوؤں یا خطرناک حشرات کی موجودگی کے لئے چیک کریں۔
- ریڈیو سیٹ اور واکی ٹاکی کو درست فعال حالت میں رکھیں۔

# اصول 08
# وائبروسائز آپریشنز

- آپریشنز شروع کرنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ مشینری کام کرنے کی درست حالت میں ہے۔
- ہائیڈرالک سسٹم میں دباؤ بڑھنے پر مرمت اور دیکھ بھال کی کوشش نہ کریں۔جب دباؤ زیادہ ہو تو آپریٹر کے علاوہ دیگر عملہ محفوظ فاصلے پر رہے۔جب سسٹم پر دباؤ ہو تو رسنے، پھٹنے اور نقص کی وجہ سے پیچیدہ اور جان لیوا حادثہ پیش آسکتا ہے۔
- پاڑ کے نیچے اپنے جسم کا کوئی حصہ نہ رکھیں۔
- دباؤ سے لیس یونٹ کو بغیر کسی نگرانی کے نہ چھوڑیں۔
- ایکسلز بلاک ہونے تک ٹائر بدلنے یا مرمت کے لئے وائبریٹر کو مت اٹھائیں۔
- فعال وائبریٹر کے قریب چلتے یا کھڑا ہوتے وقت احتیاط سے کام لیں۔وائبریٹر تیزی سے کام کرتا ہے اور آپریٹر کی توجہ کسی بھی صورت میں اس سے ہٹنی نہیں چاہئے۔ڈھلوانوں خصوصاً گارے پر، وائبریٹر پھسل سکتا ہے یا ڈھلوان کے نیچے سرک سکتا ہے۔
- ایکیومیولیٹر کو چارج کرنے کے لئے صرف "خشک" نائٹروجن استعمال کریں۔انتہائی احتیاط سے کام لیں کہ آکسیجن یا کمپریسڈ گیس غلطی سے استعمال نہ ہوں۔
- کمپریسڈ گیس کی ہر بوتل کی اجزا کے مطابق واضح اور باقاعدہ نشاندہی ہونی چاہئے۔
- ایک وائبریٹر کا مرکز ثقل بہت زیادہ ہوتا ہے لہٰذا کھردرے علاقوں میں بہتر اندازے کے ساتھ کام کیا جائے۔
- ان گاڑیوں کے سائز اور ترکیب کی وجہ سے رکنے، پیچھا کرنے، وارننگ اور مجموعی رفتار پکڑنے کی صورت میں خصوصی توجہ دیں۔دوسری گاڑیوں سے اتنا فاصلہ رکھیں کہ آپ ایمرجنسی میں حفاظت کے ساتھ رک سکیں۔
- غیر متعلقہ افراد کا داخلہ سختی سے منع ہے۔

- تھرتھراہٹ سے بچنے کے لئے وائبریٹر کا عملے اور گاڑی سے کم از کم 50-60 میٹر کا محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں۔
- زمین پر کھڑے ہو کر وبروسیز آپریشن کے دوران مشینوں کی مسلسل نگرانی اور چیکنگ سے گریز کریں۔
- سافٹ فارمیشن میں وبروسیز آپریشن کے دوران 70kN سے 80kN مشینوں کو مکمل طاقت کے ساتھ استعمال نہ کریں۔ انتہائی طاقت کو کم یا محفوظ مجوزہ طاقت یا 45kN سے 55kN تک گھٹایا جائے۔
- کام کے دوران آپریٹر کو کانوں کے حفاظتی آلات فراہم کئے جائیں۔

# اصول 09
# وہیل ماؤنٹڈ آپریشنز

- غیر تربیت یافتہ عملے کو براہ راست نگرانی کے علاوہ ڈرلنگ رِگ چلانے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- مشینری فعال ہو تو مرمت، دیکھبھال یا سروس کی کوشش نہ کریں۔
- تمام شافٹیں، سپر اکٹس اور گیئرز کو محفوظ کیا جائے۔ اگر حفاظتی ڈھال اتاری جائے تو مشینری کو دوبارہ چلانے سے قبل انہیں تبدیل کر دیا جائے۔
- ڈرلنگ رِگ کے متحرک حصوں کے گرد ڈھیلے کپڑے نہ پہنیں۔
- ڈرلنگ کا عملہ مناسب ذاتی حفاظتی سامان (PPE) یعنی حفاظتی جوتے، دستانے، ٹھوس ہیٹ وغیرہ پہنے گا۔
- ڈرلنگ پائپ اور ماسٹ اٹھاتے یا نیچے کرتے وقت ڈرلر کو تمام افراد پر نظر رکھنی چاہیئے۔ یقینی بنائیں کہ پاور لائنز اور دیگر خطرات موجود نہیں ہیں۔
- ان ٹیک اور ڈسچارج والو کو چیک اور کھولنے تک مڈ پمپ (mud pump) کو نہ چلائیں۔ جب گردش میں رکاوٹ پر مڈ پمپ (mud pump) رک جاتا ہے تو واش ہوز والو کھول کر فوراً دباؤ خارج کر دیں۔
- مڈ پمپ میں باقاعدہ پریشر گیج اور اخراج کرنے والا والو ہوتا ہے۔ خارج کرنے والا والو محفوظ ہونا چاہیئے اور بلو پائپ کی سمت زمین کی طرف ہونی چاہیئے۔ مڈ لائنز ماسٹ اور ڈرل پائپ سے محفوظ رہنی چاہئیں۔
- سلگ پٹ نیچے کی طرف بندھی ہوئی زنجیر سے لیس ہونی چاہیئے۔
- ہوزز، زنجیروں اور لائنز کا روزانہ جائزہ لیں۔
- سلپ ٹانگ اور رینچ کا معائنہ اور صفائی کرتے رہیں اور مکمل خراب ہونے سے پہلے ہی انہیں بدل دیں۔ ٹانگ پر ہتھوڑا نہ ماریں۔ لائن بریک ترتیب دیں اور راڈ کو گردش دیں۔
- بلیڈ کی مدد سے ڈرل بٹ کو کبھی نہ پکڑیں۔
- بٹ اور سٹیم کو ترتیب دینے کے لئے انگلیوں کا استعمال کبھی نہ کریں۔
- جب ایئر ڈرل استعمال ہو رہی ہو تو کوئی بھی لائن یا ربط توڑنے سے پہلے ہوائی دباؤ مکمل طور پر خارج کر دیں۔ گاج چیک کریں۔ ہوا کی لہر کو چیک کرنے کے لئے اپنے ہاتھ استعمال مت کریں۔

- پیٹرن ڈرلنگ کے وقت ماسٹ کو نیچے کئے بغیر ڈرلنگ رِگ کو مختصر فاصلے تک حرکت دی جاسکتی ہے۔ یہ اُسی صورت میں ہو سکتا ہے اگر شاٹ پوائنٹ زمینی سطح پر ہو اور سر سے اوپر کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- ماسٹ اٹھا کر ڈرلنگ رِگ کو حرکت دیتے وقت انتہائی احتیاط سے کام لیں۔
- طوفان بادوباراں کی صورت میں تمام آپریشنز روک دیں اور ستونوں کو نیچے کر دیں۔
- کسی بھی پاور لائن سے ہول کی دگنی گہرائی کے قریب شاٹ ہول کی ڈرلنگ نہ کریں تاوقتیکہ خصوصی احتیاطی تدابیر پر عمل کیا جائے۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آف سیٹس کو مدنظر رکھیں۔
- ایئر ڈرلنگ کے وقت آنکھوں اور کانوں کے حفاظتی آلات ہر وقت پہنے رکھیں۔
- کسی ایسی جگہ پر ڈرلنگ نہ کی جائے جس کو پہلے شاٹ کیا جاچکا ہو یا اس میں دھماکہ خیز مواد موجود ہو۔
- شاٹ ہول کی لوڈنگ کے فوراً بعد مڈپٹ، ریٹرن ڈچ اور سلمپ ہول کی بھرائی کر دیں۔
- سڑک پار کرتے وقت ایک ہیلپر بطور گائیڈ نشاندہی کرے گا۔

## اصول 10
## پورٹیبل ڈرلنگ رِگ (MP رِگز اور فلشنگ یونٹ)

- پورٹیبل ڈرلنگ رِگ کئی ماڈلز اور سائز میں تیار کی جاتی ہے۔ انہیں گھنے جنگلوں، دلدل، پہاڑوں اور زمینی علاقوں استعمال کیا جاتا ہے جہاں میں سوراخ کرنا مقصود ہو۔
- مندرجہ ذیل اقدامات پر سختی سے عمل کیا جائے:
- براہ راست نگرانی کے بغیر تربیت اور عملی کام میں کوئی شخص بھی ڈرلنگ رِگ نہیں چلائے گا۔
- ڈرلر اگلے کام کے لئے منصوبہ بندی کرے گا۔ مسائل پر تبادلہ خیال کرے گا اور محفوظ سسٹم طے کرے گا۔
- ڈھیلے کپڑے، انگوٹھی یا زیورات نہ پہنیں اور لمبے بالوں کو باندھیں اور ہیڈ گیئر استعمال کریں۔
- ڈرلر اور معاون باقاعدہ فٹ ٹھوس ہیٹ، حفاظتی جوتے، یونیفارم، دستانے اور حسب ضرورت کانوں اور آنکھوں کے حفاظتی آلات پہنیں گے۔
- مندرجہ ذیل سامان کو چیک کیا جائے:
- روزمرہ کی دیکھ بھال کو چیک کیا جائے گا اور خرابی کی صورت میں مرمت کی جائے گی۔
- پلیاں، گیئر، سپروکٹس اور دیگر متحرک حصوں کو حسب ضرورت محفوظ کیا جائے گا۔ (غیر محفوظ مشینری کو استعمال کرتے ہوئے اپنی انگلیاں کھو جانے کا خطرہ مول نہ لیں)۔
- جب دیکھ بھال کے لئے گارڈز اتارے جائیں تو آلے کو دوبارہ استعمال کرنے سے قبل اسے بالکل درست انداز میں واپس لگا دیا جائے۔
- سٹارٹ کرنے سے پہلے چیک کرنے والی چیزوں میں گارڈ، فیول لائنز، فیول ٹینک اور ڈھکن، سپارک پلگ وائرز، سوئچز (باقاعدہ انسولیشن کے لئے)، ہوززاور کپ لنگز، تیل کی سطح اور ایئر فلٹرز شامل ہیں۔ انجن کو روکنے والے سٹاپ سوئچ آپریشن کے معائنے کو روزانہ کا معمول بنائیں۔
- سٹارٹ کرنے کے بعد تھراٹل آپریشن، گاجز اور ہوزز کو ہائیڈرالک یا ایئر لیک کے لئے چیک کریں۔
- دھول ومٹی کو اڑانے والے ریفلیکٹر یا ریک کو استعمال کریں۔ گرد کو ہٹانے کے لئے پاؤں یا ہاتھ استعمال نہ کریں۔
- یقینی بنائیں کہ ڈرلنگ کی جگہ کے گرد سطح متوازن اور رکاوٹوں سے پاک ہے۔ پورٹیبل ڈرل کے لئے ایک پلیٹ فارم تیار کیا جائے۔
- جونہی ڈرلنگ آپریشن شروع ہوجاتا ہے تو تمام غیر متعلقہ افراد کو ڈرلنگ رِگ سے دور کر دیں۔
- پہاڑی علاقوں میں کام کرتے وقت ڈرل سٹیم بعض اوقات خراب یا داغدار ہو سکتا ہے جس کے باعث ہاتھوں یا انگلیوں کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ گردش کرنے والی ڈرل سٹیم سے اپنے ہاتھ اور پاؤں دور رکھیں۔

- نئی جگہ پر ڈرلنگ رِگ کو حرکت دینے سے پہلے ہمیشہ انجن کو بند کریں۔
- ایندھن کے لئے صرف منظور شدہ کنٹینرز ہی استعمال ہو سکتے ہیں اور ان کی باقاعدہ نشاندہی ان کے اجزا کے مطابق کریں۔
- فیول ٹینک انجن کے گرم حصوں یا دیگر آتش گیر آلات سے دور رکھے جائیں۔
- جب ڈرلنگ رِگ پر فیول ٹینک لگایا جائے تو ری فیولنگ سے قبل انجن کو سوئچ آف کر دیں۔ تیل کے رساؤ سے بچنے کے لئے احتیاط سے کام لیں۔

## اصول 11

## سویمپ آپریشنز/ ریور کراسنگز

دریاؤں کو عبور کرنے اور پانی پر مشتمل علاقوں میں کام کرنے کے تمام آپریشنز میں نظم وضبط پر سختی سے عمل کیا جائے:

مندرجہ ذیل نکات پر عمل کیا جائے:

- کھلے پانی یا دریا پار کرنے کے لئے کشتیوں میں موجود اہلکاروں کو لائف جیکٹ یا بوائنسی ایڈز پہننا چاہئے۔
- کشتیوں کو استعمال کرنے والا عملہ آپریشنز پر ہدایات لے گا جس میں حفاظتی آلات کا استعمال اور مین اوور بورڈ ڈرل شامل ہیں۔
- اندھیرے میں کشتی کو حرکت دینے کی اجازت نہ ہے ماسوائے ایمرجنسی یا انتظامیہ کی پیشگی منظوری کے۔
- کام شروع کرنے سے قبل نقشے میں ظاہر نہ کئے گئے دریا کو عبور کرنے سے متعلق منصوبہ بندی کریں۔
- پانی میں اچھلنے یا غوطہ لگانے سے گریز کریں۔ دریا یا کھلے پانی میں مت تیریں: اگر آپ کو سیلابی دریا کو پار کرنا مقصود ہو تو احتیاط سے کام لیں۔ پلان کی تیاری کو یقینی بنائیں۔
- تیز بہاؤ والے اور کمر سے گہرے دریا یا کنکریوں پر مشتمل دریا کو پار کرنے کے لئے جلدی نہ کریں۔
- کشتی میں موجود تمام عملے کو لائف جیکٹ یا بوائنسی ایڈز پہننا ہوگی۔
- شرارتوں اور مستی سے پرہیز کریں کیونکہ کشتی کے حادثات کی یہ سب سے بڑی وجہ ہے۔
- کشتی متحرک ہو تو نشست پر بیٹھے رہیں۔
- کشتیوں پر حد سے زیادہ وزن نہ ڈالیں: مسافروں کے وزن کو تقسیم کریں۔

# اصول 12
## ٹریول سیفٹی پلان

گاڑی کے محفوظ آپریشن کے لئے کریو کے تمام ڈرائیورز کو مندرجہ ذیل اصولوں پر سختی سے عمل کرنا ہوگا:

- خود کو طبعی لحاظ سے تندرست اور دماغی لحاظ سے باخبر رکھیں۔
- مقامی ضوابط سے واقف رہیں۔
- سٹیئرنگ گیئر، ٹائرز، بریکس، لائٹس، ونڈ شیلڈ، وائپرز اور ہارن کو چیک کریں۔
- سڑک کی حالت، ٹریفک کے بہاؤ، حد نگاہ دیکھ کر مستقل رفتار سے ڈرائیو کریں۔
  - کھلی سڑک پر پک اپ کے لئے حد رفتار 80 کلو میٹر فی گھنٹہ ااور گیلی سڑک کی صورت میں حد رفتار 60 کلو میٹر فی گھنٹہ ہے۔ قصبوں میں حد رفتار 50 کلو میٹر فی گھنٹا ہے۔ گنجان آباد علاقوں یا شہروں اور خراب سڑک کی صورت میں رفتار نسبتاً کم رکھی جائے۔
  - خشک موسم میں کھلی سڑکوں پر بھاری گاڑیوں کی حد رفتار 55 کلو میٹر فی گھنٹہ اور تر حالات میں 45 کلو میٹر فی گھنٹہ ہے۔ قصبوں میں حد رفتار 30 کلو میٹر فی گھنٹہ۔ گنجان آباد علاقوں، شہروں اور غیر ہموار سڑکوں پر رفتار نسبتاً کم رکھی جائے۔
- کمپنی کی گاڑی میں سیٹ بیلٹ کا استعمال لازمی ہے۔ ڈرائیور اور مسافروں کو اپنی سیٹ بیلٹ باندھنی ہوگی جو ہر وقت فعال ہونی چاہیئے۔
- گاڑیوں پر حد سے زیادہ وزن نہ ڈالیں۔ نشستوں کے مطابق ہی مسافروں کی تعداد رکھیں جن پر درست حالت میں سیٹ بیلٹ موجود ہوں۔
- دائیں اور بائیں طرف مڑنے، رفتار کم کرنے یا رکنے سے پہلے باقاعدہ اشارہ کریں۔
- غنودگی کا باعث بننے والی ادویات کے استعمال میں ڈرائیونگ نہ کریں۔
- بڑی گاڑیوں کو ریورس کرنے کی کوشش نہ کریں۔ اگر ایسا کرنا مقصود ہو تو اپنی گاڑی کے گرد چلنے والے کسی شخص کی مدد لیں تاکہ یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔

- تمام خمدار راستوں پر احتیاط سے کام لیں۔
- رات کے وقت ڈرائیونگ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کریں:
  - تمام لائٹس کو باقاعدگی سے چیک کرتے رہیں کہ وہ اچھی طرح نصب ہیں اور ان کے لینز صاف ہیں اور یہ کہ تمام لائٹس فعال ہیں۔
  - اپنی گاڑی کو اپنی بریک کی صلاحیت اور حد نگاہ کے مطابق مستقل رفتار سے چلائیں۔
  - تیز روشنی اگر نظر کو دھیما کردے تو اپنی رفتار کم کر دیں۔
  - آنے والی گاڑیوں کو کراس کرتے وقت ہیڈ لائٹس کی روشنی کم کر دیں۔
- ٹریفک میں اپنی سیدھ میں رہیں۔
- ایک لین سے دوسری لین میں مت لڑکھڑائیں۔
- پیدل افراد کو اپنی گاڑی سے پہلے گزرنے کا موقع دیں۔
- فلیٹ ٹائر یا بلو آوٹ کی صورت میں اچانک بریک کبھی نہ لگائیں۔ اپنا پاوں ایکسیلیریٹر سے ہٹائیں اور احتیاط سے بریک لگائیں۔
- تمام ٹریفک علامات اور اشاروں پر عمل کریں۔
- تمام نشستیں مضبوطی سے نصب ہوں۔ سفر کے دوران مسافروں کو بیٹھے رہنا چاہیئے۔
- ان گاڑیوں میں غیر مجاز اور کمپنی سے غیر متعلقہ افراد کی نقل و حمل منع ہے۔
- ڈرائیور آنے والی گاڑیوں کو راستہ دے گا۔
- ڈرائیور کسی بھی میکانی خرابی کی صورت میں فوراً رپورٹ کرے گا۔
- فین بیلٹ، واٹر پمپ، ریڈی ایٹر اور ریڈی ایٹر ہوزز کو کثرت سے چیک کرتے رہیں۔
- ڈرائیور کے لئے روزانہ کی بنیاد پر روانگی سے قبل چیک حسب ذیل ہیں:
  - تیل اور لبر کنٹس کی سطح چیک کرنا۔
  - پانی کی سطح چیک کرنا۔
  - اضافی پہیے کی تنصیب کو چیک کرنا۔
  - جیک، وہیل سپینر اور اوزاروں کو چیک کرنا کہ وہ نصب ہیں اور کام کے قابل ہیں۔

- آگ بجھانے والے آلہ کو چیک کرنا کہ وہ نصب ہے اور کام کے قابل ہے۔
- سیٹ بیلٹ کو چیک کرنا کہ وہ کام کے قابل اور خراب نہیں ہیں۔
- لائٹس، اشاروں اور آئینوں کو چیک کرنا۔
- چیک کرنا کہ فیول ٹینک ہر وقت فُل ہو۔
- ٹائر چیک کرنا۔
- جرنی مینجمنٹ بورڈ میں لاگ آوٹ کرنا۔
- ریڈیو چیک کرنا۔
- پینے کے پانی کو چیک کرنا۔
- فرسٹ ایڈ کٹ چیک کرنا۔
- گاڑی کے ارد گرد چلنا۔

☠ مسلسل ڈرائیونگ کے ہر چار گھنٹے بعد چھوٹا سا وقفہ لیں۔

## (قافلے کی تیاری)

☠ قافلہ روانہ ہونے سے پہلے قافلے کے سربراہ اور ڈرائیور کے درمیان راستے، رفتار، آرام، سڑک اور ٹریفک کے حالات سے متعلق اجلاس کیا جائے گا۔

☠ کم رفتار گاڑیوں کے گرد ٹریفک کی روانی کے لئے گاڑیوں کے درمیان کم از کم 100 میٹر (300 فٹ) کا فاصلہ رکھا جائے گا۔ قافلہ روانہ ہونے کے بعد کوئی بھی گاڑی اپنی جگہ تبدیل نہیں کرے گی۔

☠ تمام گاڑیاں بشمول عملے کی گاڑی اپنی ہیڈ لائٹس چالو رکھیں گی۔

☠ زیادہ فاصلہ طے کرنے کے بعد یا بھاری ٹریفک میں قافلہ (منصوبے کے مطابق) ایک محفوظ مقام پر کھڑا ہو گا تا کہ ہر گاڑی اپنی مقررہ جگہ برقرار رکھے۔

☠ مکینکل سپورٹ یا سروس وہیکل قافلے کے پیچھے سفر کرے گی۔

☠ قافلے کے ڈرائیور ریڈیو سے رابطہ سازی جاری رکھیں گے۔

- جھنڈوں، ایمبر لائٹس پر مشتمل پک اپ اور کم رفتار گاڑی کی علامت کم رفتار قافلے کی نشاندہی کرے گی۔
- گاڑیوں کی زیادہ تعداد کو سفر کے ہر مرحلے کے لئے چھوٹے گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔
- تمام اشیا اور سامان کی تفصیلی تیاری کی جائے گی اور سفر کے آغاز سے قبل ان کا معائنہ کیا جائے گا۔
- تمام گاڑیوں کی حرکت کو باقاعدہ ترتیب دیا جائے گا تا کہ ان کے گم ہونے کا خدشہ نہ رہے۔
- قافلے "فرسٹ ایڈ کٹس" اور فائیر فائیٹنگ آلات سے لیس ہونا چاہیئے۔

## (ٹریفک حادثے کی تحقیق)

- جہاں زخمیوں کی اطلاع ملی ہو وہاں ایمبولنس اور ڈاکٹر کو روانہ کیا جائے گا۔
- جہاں ممکن ہو حادثے کی تحقیق کے لئے مندرجہ ذیل افراد کو موقع پر بھیجا جائے گا:
  - حادثے کا نشانہ بننے والی گاڑی سے واقف مکینک
  - با اعتبار مترجم
- واقعات و حادثات کی رپورٹس واقعہ و حادثہ رونما ہونے کے فوراً بعد تیار کی جائیں۔ واقعات و حادثات سے متعلق ملازمین کو آگاہ کرنے کے لئے رپورٹ میں موجود معلومات استعمال کی جائیں۔
- مندرجہ ذیل اشیاء سامان کی فہرست تیار کی جائے:
  - موقع پر پہنچنے کے لئے تمام اہلکاروں کی حفاظتی زین
  - ٹریفک کنٹرول کرنے کے لئے کم از کم دو جھنڈے
  - جگہ کی نشاندہی کے لئے پن فلیگ اور سروے ٹیپ
  - سروے زنجیر
  - چاک
  - کیمرہ
  - معیاری فرسٹ ایڈ کٹ
  - چھلکنے سے بچاؤ یا ریت بجری اکٹھا کرنے کے لئے پلاسٹک بیگ
  - چھلکنے سے بچاؤ کے لئے ایک بیلچہ

- آگ بجھانے والے آلات

☠ موقع پر تحقیق کے آغاز سے قبل چھان بین کی جانے والی جگہ محفوظ کیا جائے گا تاکہ سڑک کے دیگر صارفین کو مزید حادثات سے بچایا جا سکے۔

☠ کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے فلیگ مین اور وارننگ میٹریل کو اپنی جگہ پر رکھا جائے جو اُس وقت تک اپنی جگہ پر رہیں گی جب تک ملبہ محفوظ جگہ پر منتقل نہیں کر دیا جاتا اور موقع کی چھان بین مکمل نہیں ہو جاتی۔

☠ اُس جگہ پر تمباکو نوشی کی ممانعت ہو گی اور بیٹریوں کو منقطع کر دیا جائے گا۔

☠ چھان بین کرنے والے مندرجہ ذیل پر خصوصی توجہ دیں گے:

- سائیٹ کا دورہ کر کے اور مخصوص طبعی شواہد ریکارڈ کرنے کے بعد چھان بین کا آغاز کیا جائے گا۔ شواہد کی ریکارڈنگ میں خاکہ تیار کرنا اور تصاویر لینا شامل ہو گا۔
- اُس وقت موسم، حد نگاہ اور سڑک کی حالت کو مد نظر رکھنا۔
- حادثے کی وجہ سے فصلوں اور عمارتوں کو پہنچنے والا نقصان
- جتنی جلدی ہو سکے ماحول کو نقصان پہنچانے والے فیول اور دیگر مادوں کے رسنے سے نبرد آزما ہونا۔
- تمام شیشوں اور دھاتوں کو اکٹھا کرنا اور انہیں موقع سے ہٹانا۔

☠ حادثے کی جگہ کو ہر ممکن حد تک محفوظ چھوڑا جائے۔

## (ورکشاپ کے لئے عمومی اصول)

- مکینکل ورکشاپ آپریشن میں استعمال ہونے والے تمام آلات کو سپورٹ اور برقرار رکھتا ہے۔ اس طرح یہاں پر تمام سرگرمیاں تربیت یافتہ اہلکار عمل میں لاتے ہیں تاکہ پروجیکٹ کے دوران تمام سرگرمیاں محفوظ طریقے سے پائیہ تکمیل تک پہنچ سکیں۔ یہ دستاویز علاقہ ہذا کے محفوظ آپریشن کے لئے عمومی طریقہ کار وضع کرتا ہے۔
- ورکشاپ میں غیر مجاز افراد کا داخلہ منع ہے۔
- صرف ضروری ذاتی حفاظتی سامان (PPE) سے لیس اہلکار کو کام کی مقررہ جگہ پر داخل ہونے کی اجازت ہو گی۔
- کام کے دوران مندرجہ ذیل ذاتی حفاظتی سامان (PPE) کو ہمہ وقت پہن کر رکھیں:
  - حفاظتی لباس، دستانے (حسب ضرورت)، اسٹیل پنجوں والے بوٹ
  - ویلڈنگ کے وقت چہرے کی ڈھال
  - گرائنڈنگ اور آکسی ایسی ٹائلین ٹارچ استعمال کرتے ہوئے چشمے
  - کیمیکلز اور تیزاب کی ہینڈلنگ کے وقت ربڑ کے دستانے اور چشمے
- استعمال کے بعد ہمیشہ اوزار صاف کریں اور تبدیل کریں۔
- ورک شاپ کو رکاوٹوں سے پاک اور باسلیقہ رکھیں جب کہ فرش گریس اور تیل سے پاک ہو۔
- صرف مقررہ جگہ پر ہی ویلڈنگ کریں اور یقینی بنائیں کہ کام کی جگہ پر دیگر ورکرز کو محفوظ کرنے کے لئے مناسب سکریننگ کی جارہی ہے۔
- اکیلے کام کبھی نہ کریں بلکہ ہمیشہ زیر نگرانی کام کریں۔
- فیول کے ذخیروں کے قریب تمباکو نوشی نہ کریں۔ صرف محفوظ، مقررہ جگہوں پر ہی تمباکو نوشی کی اجازت ہے۔ لیکن پالیسی کے مطابق تمباکو نوشی کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔
- برقی آلات کو کھلی جگہ پر نہ چھوڑیں اور استعمال کے بعد پاور سورس سے الگ کر دیں۔
- بھاری آلات کو حرکت دیتے وقت مناسب لفٹنگ آلات استعمال کریں۔
- سامان اٹھانے والا آلہ کام کی حالت میں ہو اور نقائص کے لئے اس کی باقاعدگی سے چیکنگ ہونی چاہئے۔

- تمام ضائع مادے(کباڑ دھاتیں، پرانے پرزے، تیل، صفائی کے کپڑے وغیرہ)علیحدہ علیحدہ کئے جائیں اورانہیں مقررہ کنٹینر میں پھینکا جائے۔ تاکہ کنٹرولڈ تلفی کے لئے انہیں اکٹھا کیا جاسکے۔ تیل سے ترکوڑایا صفائی کی ریج کو کاغذ اور کارڈبورڈپر مشتمل کنٹینر میں نہ پھینکیں جہاں شدید آتشزدگی کا خدشہ ہو۔
- غیر آتش گیر صفائی کے ایجنٹ کی مدد سے ہی تمام حصوں کو دھویا جائے۔
- تمام اشیاء اور سامان کی تفصیل تیار کی جائے۔

# اصول 13
# ہاؤس کیپنگ

کام کی جگہ پر بکھرے ہوئے اوزار اور آلات کئی حادثات اور چوٹوں کا باعث بنتے ہیں۔ جگہ کو بہتے ہوئے تیل، اضافی اور غیر ضروری اوزاروں اور آلات سے حسب ضرورت پاک رکھا جائے:

- فوری طور پر بہتے ہوئے تیل وغیرہ کو اچھی طرح صاف کیا جائے۔
- کوڑے اور ضائع مادوں کو ان کے مقررہ کنٹینر میں پھینکا جائے۔
- گزر گاہیں، راستے اور دروازے رکاوٹوں، گارے اور پانی سے پاک ہوں۔
- کام کی تمام جگہوں پر روشنی کی مطلوبہ مقدار فراہم کی جائے۔
- خطرات سے باخبر رہیں جیسا کہ بورڈ میں نکلے ہوئے کیل، پائپ کے ٹکڑے، برقی تاریں، گریس اور تیل وغیرہ۔
- تمام دفاتر اور ورکشاپس کو صاف اور سکریپ سے پاک رکھا جائے۔
- مین ہولز، کھلے گڑھے اور بکھری ہوئی بجری بڑے خطرات پیدا کرسکتے ہیں۔ ہمیشہ کھلی جگہوں کو ڈھانپ کر رکھیں یا ان کے گرد گارڈ یا بیریئر رکھیں۔
- میٹریل یا سامان کو ایسے جگہ پر بالکل سلیقے سے محفوظ رکھیں جہاں سے وہ آپریشنز میں رکاوٹ پیدا نہ کرسکیں۔
- ضائع میٹریل کو مقررہ کنٹینرز میں تلف کریں۔
- جلد کی صفائی کے لئے فراہم کردہ صابن اور کلینز استعمال کریں۔ محلول کو استعمال نہ کیا جائے۔
- ہائیڈروکاربنز، کیمیکلز اور دھماکہ خیز مواد کو بلا ضرورت چھونے سے گریز کریں۔
- تیل میں ڈوبے ہوئے کپڑے تبدیل کریں۔ اس طرح جلد میں جلن ہوسکتی ہے اور آتشزدگی کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

# اصول 14
## تمباکو نوشی

- آپریشنز کے دوران تمباکونوشی کی اجازت نہیں ہوگی اور دفاتر، کام کی جگہوں، سٹورز اور عوامی اجتماعات میں بھی تمباکونوشی منع ہے۔
- جہاں تمباکونوشی کی ممانعت ہو وہاں "تمباکونوشی منع ہے" کے سائنز چسپاں کئے جائیں۔
- محدود جگہوں سے باہر، تمباکونوشی کے لئے مقررہ جگہ 'پر ہی تمباکونوشی کی اجازت ہوگی۔ لیکن پالیسی کے لحاظ سے تمباکونوشی کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔

# اصول 15
# تندرستی اور حفظان صحت

افرادی قوت میں تندرست اور صحت بخش پیشہ ورانہ ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل اصولوں پر لازمی عمل کیا جائے:

## (کھانے کی فراہمی اور حفظان صحت)

- کھانے کے میزوں کو لازمی دھاتی چادروں سے ڈھانپا جائے۔
- فرش، دیواریں اور چھتیں دن میں ایک مرتبہ صاف کی جائیں۔
- کھانے کو جراثیم سے پاک ریفریجریٹر میں محفوظ کیا جائے۔
- پکانے کے لئے استعمال پانی پینے کے پانی کی طرح صاف ہونا چاہیئے۔
- کھانا دھاتی برتن میں تیار کیا جائے جسے ہر کھانے کے بعد فوراً صاف کیا جائے۔
- ایک مرتبہ تیار کھانا 63 درجہ سینٹی گریڈیا زائد پر گرم رکھا جائے۔
- ڈشیں اور کھانے کے برتن کو ڈیٹرجنٹ ملے گرم پانی سے اچھی طرح دھویا جائے۔
- کچے کھانے کو تیار کھانے سے علیحدہ رکھا جائے۔
- کھانے کو فوڈ کنٹینر میں منتقل کیا جائے اور اسے دیگر اشیاء میں شامل نہ کیا جائے۔
- فوڈ کنٹینر کو خالی ہونے کے بعد فوراً صاف کیا جائے۔
- فوڈ کنٹینر کی "صرف کھانے کے لئے" سے نشاندہی کی جائے۔
- کچرے اور بہہ جانے والے مائع کو فوراً صاف کیا جائے۔
- کھانے کو فرش کی بجائے مقررہ خانوں میں محفوظ کیا جائے۔
- ڈیٹرجنٹ، صابن، کیڑے مار ادویات اور دیگر کیمیائی مصنوعات کو علیحدہ جگہ پر رکھا جائے۔
- فوڈ ہینڈلرز کے بال صاف اور چھوٹے ہونے چاہئیں اور انہیں جالی دار ٹوپی پہننی چاہیئے۔ انگلیوں کے ناخن چھوٹے اور صاف ہونے چاہئیں اور انہیں باقاعدگی سے نہانے کی عادت ہونی چاہیئے اور ان کے کپڑے صاف اور جوتے بند (سینڈل اور چپل بالکل نہیں) ہونا لازمی ہے۔
- جلد، ناک، حلق کی بیماری یا سردی، پیچش یا قے سے متاثرہ فوڈ ہینڈلرز فوراً طبی نمائندے کو اطلاع کریں گے اور کلیئرنس تک ان کو ہینڈل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

- ٹوائلٹ کے استعمال یامائع کی صفائی یا تمباکو نوشی وغیرہ کے بعد ہاتھ صابن سے دھوئے جائیں۔

## (کھانا فراہم کرنے والے عملے کے لئے حفظان صحت)

- خوراک کی تیاری اور ہینڈلنگ کے وقت کیٹرنگ کا عملہ موذی بیماریوں، کٹ، زخم اور سردی سے محفوظ ہونا چاہیے۔
- کچن عملے کی صحت کا بکثرمعائنہ کیا جائے۔
- فوڈ ہینڈلنگ سے پہلے، کچی خوراک کی ہینڈلنگ کے بعد اور ٹوائلٹ استعمال کرنے کے بعد کچن عملہ پانی اور صابن سے اچھی طرح رگڑ کر اپنے ہاتھ دھوئے گا۔
- کچن عملہ اپنے ناخن اور بال چھوٹے رکھے گا۔
- کچن عملہ صاف اور باسلیقہ کپڑوں (یونیفارم، باورچی کی ٹوپی اور بالوں کی جالی) میں ڈیوٹی پر رپورٹ کرے گا۔
- ٹینٹ یا موبائل یونٹ میں کچن اور ڈائننگ کی سہولیات کی صفائی کے اصول حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق ہوں گے۔

## (حفظان صحت اور رہائشی کوارٹر)

- دن میں کم از کم ایک مرتبہ فرش کو صاف اور جراثیم کش مائع سے دھویا جائے۔
- بہتے ہوئے مائع کو فوراً صاف کیا جائے۔
- سونے کے کمرے باسلیقہ ہوں اور انہیں صاف ستھرا رکھا جائے۔
- سونے کے لئے اگر کوئی شخص تبدیل ہو جائے تو چادریں اور تکیوں کے غلاف کو باضابطہ طور پر تبدیل کیا جائے۔ یہ کام ہفتے میں ایک مرتبہ لازمی دھرایا جائے۔
- تولیے واش بیسن کے ارد گرد لگائے جائیں اور مشترکہ جگہ پر مائع صابن ہاتھ دھونے کے لئے فراہم کیا جائے تاکہ بکثرت ربط اور جراثیم کے پھیلاؤ سے بچا جاسکے۔

# اصول 16
# فیول، تیل اور کیمیائی مواد کی ہینڈلنگ کے لئے ہدایات

فیول، تیل اور کیمیائی مواد کی ہینڈلنگ اور ذخیرہ کے لئے خصوصی احتیاط درکار ہوتی ہے۔ اس بابت مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر کو ملحوظ خاطر رکھا جائے:

- اخراج یا بہاؤ کی صورت میں فیول سٹوریج اور ہینڈلنگ کا مقام دہرے روک تھام نظام پر مشتمل ہونا چاہیئے
- فیول کی سٹوریج سہولت کسی بھی پانی کے ذرائع کے قریب واقع نہیں ہونی چاہیئے۔
- فیول سٹوریج کے قریب خصوصی آگ بجھانے والے آلات دستیاب ہونے چاہئیں۔
- فیول سٹوریج کیمپ سے ہوا اور ڈھلوان کی سمت میں ہونی چاہیئے۔
- فیول سٹوریج کے قریب دیگر آتش گیر یا دھماکہ خیز مواد موجود نہیں ہونا چاہیئے۔
- فیول سٹوریج کی جگہ اور پاور جنریٹر کے درمیان کم از کم 20 میٹر کا فاصلہ ہونا چاہیئے۔
- اخراج اور بہاؤ کو چیک کرنے کے لئے باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے۔
- اکٹھے منسلک ایک سے زائد ٹینکوں کی صورت میں علیحدہ کرنے والے والو نصب ہونے چاہئیں۔
- تمام فیول ٹینکوں کی ان کے اجزاء کے مطابق نشاندہی ہونی چاہیئے۔
- فیول کی منتقلی کے دوران بہاؤ سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈرپ ٹرے استعمال کی جائیں۔
- بہتے ہوئے مائع کو صاف کرنے کے لئے سامان اور میٹریل دستیاب ہونا چاہیئے۔
- اخراج اور بہاؤ کو اچھی طرح صاف کیا جائے اور خارج تیل یا فیول اور صاف کرنے والا میٹریل اچھی طرح تلف کیا جائے۔ اخراج اور بہاؤ کی اطلاع کی جائے اور اسے درج کیا جائے۔
- بہاؤ اور اخراج کے لئے ایمرجنسی ریسپانس منصوبہ بھی دستیاب ہونا چاہیئے۔


یہ یقینی بنانا ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ
OGDCL کا HSE مینجمنٹ سسٹم نافذ العمل رہے۔

## اصول 17
## ہدایات برائے ماحولیاتی تحفظ

ہدایات برائے ماحولیاتی تحفظ

### (گاڑیوں کے لئے اینوائرنمنٹل کنٹرول اقدامات)

گاڑیوں کے آپریشنز اور دیکھ بھال کے لئے مندرجہ اینوائرنمنٹل کنٹرول اقدامات کو نافذ کیاجائے:

- کرالر (جکڑی ہوئی) گاڑیوں کو استعمال نہ کیاجائے۔
- وقتاً فوقتاً گاڑیوں کی دیکھ بھال اور معائنہ کیاجائے۔
- گاڑیوں سے تیل، فیول، تیزاب اور واٹر کے اخراج پر فوراً توجہ دی جائے۔ اخراج والی گاڑیوں کو استعمال نہ کیاجائے۔
- ریکارڈر، وائبریٹر، ڈرلنگ رِگز اور فیول منتقل کرنے والی گاڑیوں میں آگ بجھانے والے آلات نصب ہونے چاہئیں۔
- فیلڈ میں گاڑیوں کو دھویا یا سروس نہ کیاجائے۔
- گاڑیوں سے متعلقہ کچرا یعنی تیل، پرانے ٹائر یا پرزے علیحدہ رکھے جائیں یا انہیں اچھی طرح تلف کیاجائے۔ تمام آتش گیر کچرا جلا کر راکھ کیاجائے۔ اور دیگر آئیٹمز کنٹریکٹر کو فروخت کر دی جائیں۔
- تمام گاڑیاں بالکل درست کام کی حالت میں ہونی چاہئیں۔ ان کی باقدگی سے ٹیوننگ کی جائے اور ان سے حد سے زیادہ دھواں خارج نہ ہو۔ ڈیزل سے چلنے والی گاڑیوں کا ان کے فیول انجکشن سسٹم کے تحت معائنہ کیاجائے تاکہ تیل کی کھپت بہتر اور کم از کم فضائی آلودگی کا باعث بنیں۔
- تمام گاڑیوں میں باقاعدہ فعال سائلنسر (مفلر) ہونے چاہئیں۔

### (سیسمک سروے لائنز کی تیاری)

لائن کی تیاری کے مرحلے میں سروے لائنز کے ساتھ چند خصوصی کنٹرول اقدامات حسب ذیل بیان کئے گئے ہیں۔

- سروے سے قبل حالات ریکارڈ کرنے کے لئے حساس علاقوں کی فوٹو گراف لی جائیں۔
- سبزیوں کی تلفی یا درختوں کے اکھڑنے یا کٹنے کا تناسب کم سے کم ہونا چاہئے۔

- اگرچند سبزیوں یادرختوں کا کٹاؤناگزیر ہوتویہ عمل متعلقہ محکمے سے منظوری حاصل کرنے کے بعد ہی کیاجائے۔ درخت یا جھاڑیاں جلائی نہ جائیں اور نہ ہی انہیں کسی پانی کے ذرائع یا خشک ندی میں تلف کیاجائے۔
- میدان کو ہموار کرنے کے لئے گریڈر یا بلڈوزر استعمال نہ کئے جائیں۔
- لائن اور متعلقہ راستے کی چوڑائی کم از کم رکھی جائے۔
- محکمہ جنگلی حیات سے مشاورت کے بعد جنگلی حیات پر مشتمل حساس مقامات سے گریز کیاجائے۔
- قدرتی تالاب سے مناسب فاصلہ رکھاجائے۔
- پانی کی نکاسی کا قدرتی نظام متاثر نہ ہو اور مٹی کا کٹاؤ بھی کم سے کم ہو۔
- راستے کو نیا نکاسی کا راستہ بننے سے بچانے کے لئے حسب ضرورت مرحلہ وار موڑ تیار کئے جائیں۔
- ندی (خشک یا رواں) کو اس طرح پار کیاجائے کہ محکمہ آب پاشی و سیلاب کے مطابق اس کے کنارے متاثر نہ ہوں۔
- خشک ندی کی تہہ کو لائن کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ یا چلنے کے لئے استعمال نہ کیاجائے۔

## (شاٹ ہولز اور ریکارڈنگ)

ہول ڈرلنگ، شوٹنگ اور سروے کے ریکارڈنگ مرحلہ کے دوران ماحولیاتی تحفظ کے لئے مندرجہ ذیل اصولوں کو اپنایاجائے:

- پارٹی چیف یا سرویئر کے مطابق ماحول کے لحاظ سے حساس علاقوں میں شوٹنگ کا عمل نہ کیاجائے۔
- شوٹنگ کا شیڈول سروے سیکشن سے مشاورت کے بعد مرتب کیاجائے۔ سیکشنز میں کئی لائنز کے سروے سیکشنز میں کئے جائیں۔ اسی طرح سے مخصوص موسم میں چند لائنز پر کام نہ کیاجائے۔

- ہولز مقررہ حد سے زیادہ گہرے ڈرل نہ کئے جائیں۔
- ہول کا قطر مطلوبہ پیمائش سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے۔
- ہولز کی ڈرلنگ کے لئے سبزیوں کو متاثر نہ کیا جائے۔
- جنگلی حیات کے مسکن اور ان کے پانی کے تالاب کو متاثر نہ کیا جائے۔
- مخصوص گہرائی پر ہی چارجز ترتیب دیئے جائیں۔
- چارج کی مقدار معیار کے مطابق کم از کم رکھی جائے۔
- یہ یقینی بنایا جائے کہ تمام شاٹس مکمل طور پر فائر کئے جائیں؛ مس فائر شاٹس کو مخصوص طریقہ کار کے مطابق غیر فعال کیا جائے۔
- کسی قسم کا فاضل مادہ باقی نہ رہے؛ اسے اکٹھا کیا جائے اور اچھی طرح تلفی کے لئے کیمپ سائیٹ یا مقررہ جگہ پر بھیج دیا جائے۔

## (سائیٹ کی بحالی)

لوکیشن مینجمنٹ چھیڑے گئے مقامات کو مالک اراضی، DGPC اور متعلقہ EPA سے مطلوب ترقیاتی خصوصیات کو برقرار رکھنے کے معاہدے کے مطابق اپنی اصلی حالت میں بحال کرے گی۔ مزید برآں، صفائی کا عملہ بھی موجود ہونا چاہیئے جو یقینی بنائے گا کہ سروے آپریشن مکمل ہونے کے بعد سائیٹ کو اچھی طرح صاف اور بحال کیا جائے۔ خصوصی ہدایات مندرجہ ذیل ہیں:

- کیمپنگ سائیٹ، راستے، سروے لائنز وغیرہ کو ہر ممکن حد تک اصلی حالت میں بحال کیا جائے۔ پراجیکٹ سے پہلے کے حالات کی تصویر کا ریکارڈ اس مقصد کے لئے استعمال کیا جائے۔
- ڈرلنگ اور شاٹ ہول لوڈنگ کے بعد ملبے یا منظور شدہ میٹریل سے انہیں دوبارہ ہموار کیا جائے۔
- کچرا، ملبہ، پن فلیگ، سٹیکس، علامات اور سیسمک سروے سرگرمیوں سے حاصل ری فیوز کو اکٹھا کیا جائے اور انہیں تلف کیا جائے۔
- کنکریٹ کی تمام سلیبکو توڑا جائے اور اچھی طرح تلف کیا جائے۔

- کیمپ سائٹ کوری فیوز یاباقی رہ جانے والے گڑھوں سے پاک کیاجائے۔ اور سروے کے دوران خراب ہونے والی سروے لائنز کو بحال کیاجائے۔
- متاثرہ ندی کے کناروں کی مرمت کی جائے اور انہیں بحال کیاجائے۔
- زیادہ دبی ہوئی زمین کو قابل استعمال بنانے کے لئے بالائی سطح پر مٹی کی اضافی تہہ لگائی جائے۔
- جہاں سبزیوں کو چھیڑایاخراب کیاگیاہو وہاں سبزیوں کے دوبارہ کاشت کے لئے اقدامات کئے جائیں۔
- حسب ضرورت زمین کے کٹاؤ کے خلاف اقدامات کئے جائیں۔
- یہ یقینی بنایاجائے کہ سروے لائنز سیلاب کے لئے نئے راستے یاراستوں کے لئے رکاوٹیں نہ بن جائیں۔
- آلودہ مٹی کو ہٹایاجائے اور اسے اچھی طرح تلف کیاجائے۔
- ریکارڈ کے لئے کیمپ سائٹ، راستوں اور لائنز کی بحالی کے اقدامات سے پہلے اور بعد میں فوٹو گرافزلی جائیں۔

# اصول 18

## نیلام عام کے لئے ہدایات

اہم اشیاء کے نیلام عام کا انتخاب کرتے ہوئے کمپنی پالیسی کے مطابق a) آئیٹمز کے غیر موئثر ہونے کا واضح جواز اور b) کمیٹی کی جانب سے اشیاء کی قیمت کے تعین کی بنیاد پر پریس ٹینڈر کی تشہیر کیا جائے۔ آئیٹمز کے مندرجہ ذیل درجوں کے لئے یہ لازمی ہے:

- **آپریشنل:** انجن کے خراب پُرزے، پمپ، جنریٹر، مختلف سائز کے پائپ، ویلڈنگ پلانٹ، ڈرلنگ رِگ کے ستون، پروڈکشن ٹیوبنگ اور دیگر قیمتی الیکٹریکل و مکینکل اثاثے
- **سپورٹ:** غیر سروس شدہ سپورٹ گاڑیاں بشمول ایمبولنس، ڈوزرز، ٹریلرز، باؤزرز، فورک لفٹرز اور کرینز
- **پروڈکٹ سے متعلقہ:** استعمال شدہ کیمیکل / تیل اور سیپریٹر / پائپ لائنز / ٹینکوں سے حاصل مٹی

نوٹ: مذکورہ بالا اقدامات میٹریل مینجمنٹ / سٹور سیکشن عمل میں لائے گا۔

## ضمیمہ A
## رسائی کے لئے کم از کم فاصلہ

حفاظت کی خاطر ماحول کے لحاظ سے حساس علاقے یا توانائی سے لیس یا گراونڈ کی گئی آبجیکٹ تک رسائی کے لئے ملازم کو مندرجہ ذیل کم از کم فاصلہ رکھنے کی اجازت ہو گی۔

### ماحولیاتی نقطہ نظر سے

| سر گرمی | مجوزہ محفوظ فاصلہ |
|---|---|
| رسائی کے لئے نئے راستے | پانی کے تمام سطحی ذرائع سے 50 میٹر<br>ثقافتی مقامات (بشمول قبرستان اور مقبروں) سے 100 میٹر، گاؤں سے 100 میٹر |
| کیمپ سائیٹ | آبادیوں، ثقافتی مقامات (بشمول قبرستان اور مقبروں) اور سطحی آبی ذخائر سے 500 میٹر |
| جاذ گڑھے (سینٹری گڑھے اور کچرے کے بائیو ڈی گریڈ ایبل گڑھے) | تمام سطحی وزمین آبی ذخائر سے 300 میٹر |
| جلانے والے گڑھے | آبادیوں سے 500 میٹر |
| نئے ٹیوب ویلوں کی تعمیر | موجودہ دیواروں سے 500 میٹر |
| اپ ہولز | 30 پانی کے کنووں سے 30 میٹر، گھروں سے 50 میٹر،<br>نہروں سے 100 میٹر، 50 رینگنے والے کیڑوں کے غار سے 50 میٹر<br>پرندوں کے گھونسلوں سے 50 میٹر |
| ایکسپلوریشن اور پروڈکشن سہولیات نصب کی جائیں | محفوظ مقامات سے 300 میٹر؛ ثقافتی لحاظ سے حساس مقامات سے 200 میٹر |
| کنووں اور ندیوں سے پانی نکالنا | آلودہ جگہوں سے کم از کم 50 میٹر |

### حفاظتی نقطہ نظر سے

| سر گرمی | مجوزہ محفوظ فاصلہ |
|---|---|
| بارود اور ڈیٹونیٹرز مخصوص کنٹینر میں کم از کم حفاظتی فاصلہ رکھ کر منتقل کیا جائے۔ | دونوں کے درمیان 25 میٹر کا فاصلہ |

| | |
|---|---|
| لوڈر یقینی بنائے گا کہ بم اور ڈیٹونیٹرز فاصلے پر رکھے جائیں۔ | لوڈ کئے جانے والے شاٹ پوائنٹ کی دونوں اطراف سے 25 میٹر جنہیں ہمہ وقت محفوظ رکھا جاتا ہے۔ |
| تمباکو نوشی اور کھلے شعلے منع ہیں۔ | جہاں دھماکہ خیز مواد استعمال ہو رہا ہو وہاں سے کم از کم 30 میٹر کے رداس میں |
| لوڈ کئے جانے والے چارج کے علاوہ دھماکہ خیز مواد | ہولز سے کم از کم 30 میٹر کے محفوظ فاصلے پر ہوں گے۔ |
| فیول سٹوریج ٹینک علیحدہ سے رکھے جائیں گے | سٹور اور جنریٹر ایریا سے 20 میٹر کے فاصلے پر |

نوٹ: مندرجہ بالا فہرست مکمل اور حتمی نہیں ہے۔

## ضمیمہ B
## حفاظتی لباس، ہارڈ ہیٹ / سیفٹی ہیلمٹ کے لئے کلر کوڈ

| حفاظتی لباس کارنگ | استعمال کے لئے مجوزہ کیٹگریز |
|---|---|
| سرمئی نیلا | OGDCLافسران |
| سرخ | فائیر فائٹنگ عملہ |
| گہرانیلا | OGDCLعملہ؛مزدور(افسران کے علاوہ) |
| غیر متعین | ٹھیکے داران اپنی کمپنی کی پالیسی کے تحت عمل کریں گے۔ |

| سیفٹی ہیلمٹ کارنگ | استعمال کے لئے مجوزہ کیٹگریز (PPEاستعمال کرنے والی جگہوں میں کام کے لئے) |
|---|---|
| سفید | OGDCLافسران(لوکیشن انچارج، سیکشن انچارج،انجینئرز وغیرہ) |
| زرد | OGDCLعملہ؛مزدور(علاوہ افسران) |
| سبز | HSEنمائندگان(انجینئرز/افسران) |
| سرخ | فائیر فائٹنگ عملہ |
| نیلا | کنٹریکٹرز/سب کنٹریکٹرز کے ملازمین OGDCLعملہ؛مزدور(افسران کے علاوہ) |
| بھورا | ویلڈرز ار زیادہ حرارت یا زیادہ وولٹیج پر مشتمل کام کرنے والے ورکرز |
| سرمئی | تمام مہمان/وزیٹرز |

نوٹ: کلر کوڈنگ کے علاوہ ہیلمٹ کا انتخاب اس ارادے سے کیا جائے کہ a) گرتے ہوئے اجسام کے اثر کو کم کیا جائے b) کسی ضرب سے پیدا ہونے والی طاقت کے اثر کو کم کیا جائے جو مرکز سے دور یا سر کے اوپر لگے اور c) ہائی وولٹیج الیکٹریکل کنڈکٹرز سے چھو جانے کے خطرہ کو کم کرنے کے لئے

## ضمیمہ C
## سامان اٹھانے والے آلات کی دیکھ بھال

- اٹھانے والے سامان میں لفٹنگ کے آلات (اٹھانے کا کام کرنے والے آلات)، لفٹنگ کے پرزہ جات (ایسے آلات جو بوجھ کو لفٹنگ آلات یعنی گیئر سے جوڑتے ہیں) اور اٹھایا گیا سامان (مثلاً کنٹینرز، ٹوکریاں وغیرہ)۔ تمام آئیٹمز پر کام کے بوجھ کی حد (WLL) اور کام کا محفوظ بوجھ (وزن) (SWL) درج ہونی چاہیئے۔
- آلات کا ایک رجسٹر قائم کیا جائے جس میں آپریٹر کے لئے دیکھ بھال کا ریکارڈ اور توثیق کے شواہد دستیاب ہونے چاہئیں۔
- اٹھانے کی سرگرمیوں میں گیئرز کے طور پر استعمال چند آئیٹمز حسب ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| وائر روپ سلنگ | زنجیریں اور زنجیروں کی سلنگ | خود ساختہ فائبر سلنگ | شکنجے |
| بیم اور پلیٹ کے شکنجے | آئی بولٹس اور سوائیول رنگز | ہائسٹ رنگز | ٹرن بکلز |
| وِنچ ساکٹس | لفٹنگ نشست | ڈرل پائپ ایلیویٹرز | کیسنگ ایلیویٹرز |
| بیل آرمز | سپریڈر بیمز | ہُک | لوڈ سیلز |
| پیڈ آئیز اینڈ بولٹس | رگنگ سکریو | پیلیٹ ہُک | |

- کلر کوڈنگ بصری معائنے اور مندرجہ ذیل کی توثیق کے لئے ایک اضافی سہولت ہوگی:

a) معائنہ کیا گیا ہے۔

b) کیا معائنہ حالیہ ہے؛ اور

c) طبعی شواہد کو ریکارڈ سے منسلک کر کے معائنہ کے نتائج کا تعین کرنا۔

d) لوکیشن انچارج یقینی بنائے گا کہ تمام متحرک، گردشی اور مستقل لفٹنگ آلات اور پُرزوں کی کلر کوڈنگ کی جاتی ہے تاکہ ان کی توثیق اور کام کے لئے فعال ہونے کی حیثیت کا بصری اشارہ دیا جاسکے۔

| کلر کوڈ | دورانیہ |
|---|---|
| سبز | لفٹنگ کے آلات جن کا معائنہ کیا گیا ہو اور وہ اس مقصد کے لئے تیار پائے گئے ہیں ان کی کم از کم چھے ماہ کے لئے کلر کوڈنگ کی جائے۔ |
| زرد | لفٹنگ کے آلات جن کا چھے ماہ گزرنے کے بعد معائنہ کیا جاتا ہے ان کو علیحدہ سٹور کیا جائے اور ان کی واضح نشاندہی اور کلر کوڈنگ کی جائے اور دوبارہ معائنہ، توثیق اور کلر کوڈنگ کے لئے واپس بھیجا جائے۔ |
| سرخ | استعمال کیا گیا شوخ سرخ رنگ 'کام کے لئے نامناسب' آلہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ شوخ سرخ رنگ کا کوڈ مسترد کئے گئے لفٹنگ گیئر کے لئے بھی استعمال ہو گا جسے غیر معینہ مدت کے لئے میٹریل سٹور تج میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ |

# ضمیمہ D

## گراؤنڈنگ کی کلر کوڈنگ

- تمام تاریں اور متحرک پاور ٹولز کے ساتھ کرنٹ کی روانی پر مشتمل کنڈکٹر کو یا تو گراؤنڈ فالٹ سرکٹ انٹرپٹر (GFCI) یا حتمی گراؤنڈنگ پروگرام کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ہے۔

- مندرجہ ذیل حتمی گراؤنڈنگ کلر کوڈ کیلنڈر کو استعمال کیا جائے(ہر نئے سال میں)

| | | |
|---|---|---|
| جنوری | فروری | مارچ |
| اپریل | مئی | جون |
| جولائی | اگست | ستمبر |
| اکتوبر | نومبر | دسمبر |

نوٹ: "ٹیپ شدہ بینڈ" کی صورت میں رنگ پلگ کی قریبی تار پر چسپاں کئے جائیں۔

# ضمیمہ E

## لاک آؤٹ کلرنگ کوڈ

- لاک آؤٹ اور ٹیگ آؤٹ(LOTO) آلات کی جداگانہ نشاندہی کی جائے۔ یہ صرف توانائی کنٹرول کرنے کے آلات ہوں گے اور انہیں دیگر مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیاجائے گا۔
- اگر تالے پراس کے متعلقہ فرد کی نشاندہی کے لئے "مستقل"نشان لگائے گئے ہوں توٹیگز کی ضرورت نہیں ہوگی۔
- ہر سیکشن/ڈیپارٹمنٹ کے لئے تالے پر منفرد کلر کوڈنگ ہوگی تاکہ متعلقہ صارف کی رہنمائی ہوسکے۔

نوٹ: تالالگانے والامجاز فرد اس تالے کی چابی تالااتارنے تک اپنے پاس رکھے گا۔ کسی ملازم کو کسی دوسرے فرد کی جانب سے لگائے گئے تالے کو کھولنے کی اجازت نہ ہوگی۔

## ضمیمہ F

## کوڑے کے ڈرموں/کنٹینرز / کوڑے دانوں کے لئے کلر کوڈنگ

کوڑے کے مقررہ ڈرمز، کنٹینرز، کوڑے دان وغیرہ بمعہ مخصوص نشانات ضیاع پیدا کرنے والی جگہوں کے لئے کولیکشن طریقہ کار کے طور پر رکھے جائیں گے۔ مختلف اقسام کے ضائع مادوں کے لئے ڈرموں، کنٹینرز، کوڑے دانوں وغیرہ کے لئے کلر کوڈنگ حسب ذیل ہوگی:

| ضائع مادے کی قسم | کوڑے دان کا رنگ |
| --- | --- |
| خطرناک مادے | سرخ |
| کھانا/کاغذات/لکڑی(آرگینک) | سبز |
| پلاسٹک | زرد |

## ضمیمہ G
## ورک پرمٹ کے لئے کلر کوڈنگ

مندرجہ ذیل اقسام کے ورک پرمٹ عموماً استعمال میں ہوتے ہیں:

| پرمٹ | پس منظر کا رنگ |
|---|---|
| کولڈ ورک پرمٹ | نیلا رنگ |
| حرارتی کام کا پرمٹ | سرخ رنگ |
| الیکٹریکل ورک پرمٹ | سبز رنگ |
| بند جگہ / ویسل میں داخلے کے لئے ورک پرمٹ | سرمئی رنگ |
| ریڈیو گرافی ورک پرمٹ | زرد رنگ |
| کھدائی اور سول ورک پرمٹ | بھورا رنگ |
| بلندی پر کام کا پرمٹ | گلابی رنگ |
| گاڑیوں کے داخلے کا پرمٹ | جامنی رنگ |

# ضمیمہ H
## خطرناک مواد کے شناختی نظام (HMIS)کی کلر کوڈنگ

جدید کلر بار علامات اور حسب ذیل نمبر کی درجہ بندی کے ذریعے چار سلاخوں کی کلر کوڈنگ ہونی چاہیئے:

0 = غیر نمایاں خطرہ؛

1 = معمولی خطرہ

2 = درمیانے درجے کا خطرہ

3 = زیادہ خطرہ؛ اور

4 = شدید خطرہ

| خطرے کی قسم | HMIS رنگ دار سلاخ |
|---|---|
| صحت | نیلا |
| آتش گیر | سرخ |
| جسمانی خطرہ | نارنجی |
| ذاتی تحفظ | سفید |

نوٹ: رنگ دار سلاخ ہنگامی حالات کے لئے نہیں ہیں بلکہ یہ صحت کے لئے انتباہی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہیں۔

## ضمیمہ I

## ذاتی حفاظتی سامان کی اقسام (PPE)

**درجہ A:** بنیادی PPE میں لباس / ڈانگری، b) گرم جیکٹ / لیدر کی جیکٹ، c) حفاظتی جوتے، d) حفاظتی چشمے، e) ٹھوس ہیٹ، f) ایئر مفس g) کاٹن کے دستانے شامل ہیں۔

**درجہ B:** خصوصی PPE میں a) دستانے (چمڑے، کیمائی مواد سے مزاحمتی اور لیٹکس)، b) چہرے کی ڈھال c) آگ سے مزاحمت کرنے والے کپڑے، d) لمبے حفاظتی جوتے e) گیس ماسک، f) کیمیکل ایپرن اور g) حفاظتی زین شامل ہیں۔

**درجہ C:** ہنگامی حالات میں درکار PPE میں مکمل ٹرن آوٹ گیئر / فائیر کٹ (فائیر سوٹ)، SCBA/ 30 min، ایئر پیوریفائیر ریسپیڑ (APR)، اور حفاظتی زین / کپڑے بمعہ رات کے وقت واضح دیکھنے کے لئے منعکس مواد شامل ہیں۔

# ضمیمہ J
# قومی ماحولیاتی معیار کے اصول (NEQS)
# (صنعت کی طرف نگرانی اور رپورٹنگ) قواعد
# 2001ء ، SRO 528(1)/2001

1. سہ ماہی بنیادوں پر دیئے گئے پیرامیٹرز پر خارج سیال مادوں کی نگرانی اور صوبائی EPA کو رپورٹنگ
   (i) روانی
   (ii) pH=6-9
   (iii) درجہ حرارت میں اضافہ 3C<=
   (iv) BOD580=ملی گرام فی لیٹر
   (v) COD150=ملی گرام فی لیٹر
   (vi) TSS200=ملی گرام فی لیٹر
   (vii) TDS3500=ملی گرام فی لیٹر
   (viii) تیل/گریس10=ملی گرام فی لیٹر
   (ix) فینول0.1=ملی گرام فی لیٹر
   (x) کلورائیڈ1000=ملی گرام فی لیٹر
2. سہ ماہی بنیادوں پر دیئے گئے پیرامیٹرز پر خارج گیسوں کی نگرانی اور صوبائی EPA کو رپورٹنگ
   (i) کاربن مانو آکسائیڈ800=ملی گرام فی کیمیٹر
   (ii) ہائیڈروجن سلفائیڈ10=ملی گرام فی کیمیٹر
   (iii) PM10=300ملی گرام فی کیمیٹر
   (iv) SOx=400ملی گرام فی کیمیٹر(فیول آئل میں 1فی صد سلفر کی موجودگی پر)
   (v) NOx=داخل حرارت پر130 نینو گرام فی جول
3. سالانہ بنیادوں پر ڈیزل گاڑیوں کی خارج گیسوں کی نگرانی
   (i) کاربن مانو آکسائیڈ4.0= گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے ٹرک اور بس+بڑی گاڑیاں+پرانی گاڑیاں
   (ii) HC=1.1گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے ٹرک اور بس
   (iii) HC=7.0گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے بڑی اور پرانی گاڑی
   (iv) نائیٹروجن آکسائیڈx=7.0گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے ٹرک اور بس

(v) نائیٹروجن آکسائیڈx=1.1گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے بڑی و پرانی گاڑی

(vi) PM=0.15گرام فی کلوواٹ آور[ECE R-49]برائے ٹرک+بس+بڑی و پرانی گاڑی

4. **سالانہ بنیادوں پر، موافق ایئر کوالٹی کی نگرانی(اخراج/شعلے کے باعث)**

| | | |
|---|---|---|
| سلفر ڈائی آکسائیڈ($SO_2$) | سالانہ اوسط80=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | الٹراوائیلٹ فلوریسنس طریقہ کار |
| | 24 گھنٹے120=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| نائیٹروجن کے آکسائیڈ یعنی (نائیٹروجن آکسائیڈ) | سالانہ اوسط40=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | گیس فیز کیمی لیومی نیسنس |
| | 24 گھنٹے40=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| نائیٹروجن کے آکسائیڈ یعنی (نائیٹروجن ڈائی آکسائیڈ) | سالانہ اوسط40=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | گیس فیز کیمی لیومی نیسنس |
| | 24 گھنٹے80=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| ٹرائی آکسیجن($O_3$) | 1 گھنٹا180=مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | غیر منتشرUVانجذاب کا طریقہ کار |
| معلق ذرات کے مادے (SPM) | سالانہ اوسط200=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | انتہائی حجم کا پیمانہ=(روانی کی اوسط شرح 1.1 مکعب میٹر فی منٹ سے کم |
| | 24 گھنٹے550=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| سانس میں جانے والے ذرات کے مادے $PM_{2.5}$ | سالانہ اوسط25=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | بیٹا شعاعوں کے انجذاب کا طریقہ کار |
| | 24 گھنٹے40=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| سیسہ(Pb) | سالانہ اوسط1.5=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | ASS طریقہ کار بعد از استعمال 2000EPMیا مساوی فلٹر پیپر پیمانہ |
| | 24 گھنٹے2=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |
| کاربن مانو آکسائیڈ(CO) | سالانہ اوسط5=*مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | غیر منتشر انفراریڈ(NDIR)طریقہ کار |
| | 24 گھنٹے10=**مائیکرو گرام فی مکعب میٹر | |

*سالانہ اوسط: پورے سال میں متوازن وقفوں سے 24 گھنٹے کے لئے ہفتے میں دو مرتبہ کم از کم 104 پیمائشوں کی سالانہ حسابی اوسط

*ایک سال میں 98 فی صد وقت کے لئے 24 گھنٹے 8/گھنٹے کی مقدار۔2 فی صد وقت دو مسلسل یوم میں تجاوز نہ کرے۔

5. سہ ماہی بنیادوں پر، شور کے درجہ کی نگرانی

| | |
|---|---|
| شور-ڈیسی بل(A) *Leq<br>55(دن کے وقت):45(رات کے وقت) | رہائشی کیمپ ایریا |
| شور-ڈیسی بل(A) *Leq<br>75(دن کے وقت):65(رات کے وقت) | انجن ہال، پلانٹ کا احاطہ |

1. دن کے اوقات کار: صبح 06:00 تا رات 10:00 بجے
2. رات کے اوقات کار: رات 10:00 بجے تا صبح 06:00
3. شور سے پاک علاقہ: ایسا علاقہ جنہیں مجاز محکمے نے شور سے پاک قرار دیا ہو۔ ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور عدالتوں سے 100 میٹر سے کم فاصلے پر موجود علاقہ۔
4. علاقوں کا مخلوط درجہ جسے مجاز محکمے مذکورہ بالا 4 درجوں میں سے ایک درجے میں رکھا ہو۔

*ڈیسی بل(A) Leq: پیمانہ A پر وقت کے لحاظ سے ڈیسی بل میں آواز کی اوسط جو کسی انسان کی سماعت سے متعلق ہو۔

6. پینے کے پانی کا قومی معیار

| # | خصوصیات/ پیرامیٹرز | معیاری قدر |
|---|---|---|
| بیکٹریل | | |
| .1 | پینے کے لئے ہر قسم کا پانی (ای کولی یا تھرموٹولیرنٹ کولی فارم بیکٹریا) | 100 ملی لیٹر کے نمونہ میں موجود نہ ہو۔ |
| .2 | تقسیمی نظام میں داخل ہونے والا فلٹر کیا ہوا پانی (ای کولی یا تھرموٹولیرنٹ کولی فارم اور ٹوٹل کولی فارم بیکٹریا) | 100 ملی لیٹر کے نمونہ میں موجود نہ ہو۔ |
| .3 | تقسیمی نظام میں داخل ہونے والا فلٹر کیا ہوا پانی (ای کولی یا تھرموٹولیرنٹ کولی فارم اور ٹوٹل کولی فارم بیکٹریا) | 100 ملی لیٹر کے نمونہ میں موجود نہ ہو۔ وسیع ترسیل کی صورت میں جہاں معقول نمونوں کا معائنہ کیا جاتا ہے وہاں 12 ماہ کے دورانیہ میں لئے گئے 95 فی صد نمونوں میں نہ پایا جائے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| طبعی | | |
| .4 | رنگ | ≤15TCU |
| .5 | ذائقہ | ناقابل اعتراض / قابل قبول |
| .6 | بُو | ناقابل اعتراض / قابل قبول |
| .7 | گدلاپن | <5NTU |
| .8 | مجموعی سخت پن جیساکہ کیلشیم کاربونیٹ | 500> ملی گرام فی لٹر |
| .9 | TDS | <1000 |
| .10 | pH | 8.5–6.5 |
| تابکاری | | |
| .11 | الفاذرات 1/ bq یا pCi | 0.1 |
| .12 | بیٹاذرات | 1 |
| کیمیکل | | |
| | ضروری غیر نامیاتی مرکبات | ملی گرام فی لٹر |
| .13 | ایلومینیم(Al) ملی گرام فی لٹر | ≤0.2 |
| .14 | اینٹی منی(Sb) | ≤0.005 |
| .15 | آرسینک(As) | ≤0.05 |
| .16 | بیریم(Ba) | 0.7 |
| .17 | بوران(B) | 0.3 |
| .18 | کیڈمیم(Cd) | 0.01 |
| .19 | کلورائیڈ(Cl) | <250 |
| .20 | کرومیم(Cr) | ≤0.05 |
| .21 | کاپر(Cu) | 2 |
| تیزابیت | | |
| | تیزابی غیر نامیاتی مرکبات | ملی گرام فی لٹر |
| .22 | سائیلنائیڈ(CN) | ≤0.05 |
| .23 | فلورائیڈ(F)* | ≤1.5 |
| .24 | سیسہ(Pb) | ≤0.05 |
| .25 | مینگنیز(Mn) | ≤0.5 |
| .26 | مرکری(Hg) | ≤0.001 |
| .27 | نکل(Ni) | ≤0.02 |
| .28 | نائٹریٹ($NO_3$)* | ≤50 |
| .29 | نائٹرائیٹ($NO_2$)* | ≤3 |
| .30 | سیلینیم(Se) | 0.01 |
| .31 | باقی رہ جانے والی کلورین | صارف کے لئے 0.5–0.2<br>پیداواری مقام کے لئے 1.5–0.5 |
| .32 | زنک(Zn) | 5.0 |

### 7. روشنی کی شدت

کام کی جگہ پر کافی روشنی کے جائزہ کے لئے روشنی کی شدت کے مندرجہ ذیل درجے استعمال ہوتے ہیں۔ ملازمین کو لائٹنگ کے اُن کی صحت اور حفاظت پر اثرات کا علم ہونا چاہیئے۔ خصوصاً انہیں بصارت میں کمی، اس کی وجوہات، تدارک، علامات اور بحالی تکنیک کا علم ہونا چاہیئے۔

| کام / جگہ | روشنی کی رینج(Lux) |
|---|---|
| ہنگامی لائٹنگ(زمینی یا بالائی سطحوں پر)، بیرونی راستوں، سیڑھیوں اور زیرزمین راستوں پر | کم از کم 10(اوسطاً) |
| عام بصری کام یعنی ایریا، واش رومز، ٹرکوں پر بوجھ لادنا | 30- 100 |
| اوسط درجہ کے کام: مثلاً بک کیپنگ، فائلنگ، میٹریل کی وصولی اور پیکنگ کی جگہیں | 300- 1000 |
| درکار زیادہ روشنی کی کام مثلاً QC / معائنہ؛ پروف ریڈنگ؛ ورک شاپس / مشین ورک | 1000- 3000 |

# ضمیمہ K
## ہنگامی حالتوں کے لیول

| | |
|---|---|
| معمولی نوعیت کی ایمرجنسی | یہ ایک ہنگامی حالت ہے جس میں ایک حادثہ پیش آتا ہے جس کے باعث معمول کے کاموں میں تعطل نہیں آتا۔ اس دوران عملے، اثاثہ جات، ماحول کی حفاظت اور آپریشنز کو فوری کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔ سائیٹ پر دستیاب ایمرجنسی سامان اس قسم کی ایمرجنسی حالات کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔<br>مثلاً<br>• کام کی بندش (LWI) کے بغیر چوٹ یا بیماری<br>• معمولی آتشزدگی؛<br>• معمولی بہاؤ؛<br>• الیکٹریکل شاک؛<br>• بند جگہ میں کوئی شخص بے ہوش ہو سکتا ہے۔<br>نوٹ: معمولی نوعیت کی ہنگامی حالت کے لئے ایک مقررہ جگہ پر اکٹھے ہونے کی ضرورت نہیں۔ |
| لیول-1 ایمرجنسی | یہ ایسی ہنگامی حالت ہے جس میں حادثہ یا حادثات کا ایک تسلسل ہوتا ہے جس سے معمول کے کام / سرگرمی عارضی طور پر معطل یا بند ہو سکتی ہیں۔ اس ایمرجنسی کی صورت میں عملے کی حفاظت، اثاثہ جات، ماحول اور آپریشنز کو فوری خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اس قسم کی ہنگامی حالت کو ایمرجنسی ٹیم ممبر کنٹرول کر سکتا ہے۔ مندرجہ ذیل صورتیں لیول-1 ایمرجنسی کو واضح کرتی ہیں (لیکن یہ یہاں تک محدود نہیں)۔<br>• چوٹ یا بیماری جس کی وجہ سے کام کی بندش واقع ہو سکتی ہے؛<br>• اوسط درجے کی آتشزدگی؛<br>• اوسط درجے کا مائع کا بہاؤ؛<br>• معمولی نوعیت کی آتشزدگی یا دھماکہ<br>• الیکٹرک شاک / الیکٹروکیوژن<br>• تیزاب / H2S کا اخراج<br>نوٹ: لیول-1 ایمرجنسی کی صورت میں ایک مقررہ جگہ پر اکٹھے ہونا پڑتا ہے۔ |

| لیول-2ایمرجنسی | ایک ہنگامی حالت جس میں سنجیدہ نوعیت کا مہلک حادثہ یا حادثات کا تسلسل، آتشزدگی یا دھماکہ ہوتا ہے جس سے سامان کی تباہی، گیس / تیل کا اخراج،ماحول کو نقصان پہنچانے والے مادوں کا ہوا میں اخراج ہوتا ہے اور جس کے لئے بیرونی سپورٹ سروسز کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل حالت لیول-2ایمرجنسی کی وضاحت کرتی ہے(لیکن یہ یہاں تک محدود نہیں)<br>• ایسی بیماری یا چوٹ جو کام کی بندش کا باعث بن جائے یا عملے کی صحت کو خطرات لاحق کردے؛<br>• آتشزدگی یا دھماکے سے املاک یا سامان کی تباہی؛<br>• حد سے زیادہ H2S کا اخراج؛<br>• شدید آتشزدگی / دھماکہ؛<br>• کیمیکل یا تیل کا زیادہ بہاؤ؛<br>• بم کی دھمکی؛<br>• قدرتی آفات<br>نوٹ:لیول 2 ایمرجنسی کی صورت میں ایمرجنسی خارجی راستے کے ذریعے پلانٹ کی حدود کی جانب بھاگیں |
|---|---|


## اہم رابطہ نمبرز

| # | عہدہ | رابطہ نمبرز | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

# فیلڈ وزیٹرز کے لئے HSE پر عمل درآمد کے اصول

(ہر مہمانے خانے میں رکھا اور چسپاں کیا جائے)

1. یاد رہے کہ اس فیلڈ/ لوکیشن کے بڑے خطرات طبعی، کیمیائی اور حیاتیاتی نوعیت کے ہیں۔
2. لہٰذا تمام وزیٹرز سے حفاظتی / ماحولیاتی / ایمر جنسی علامات پر عمل کرنے اور درکار PPE استعمال کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔
3. کسی بھی ایمر جنسی کی صورت میں '________________________' ڈائل کر کے ڈیوٹی افسر کو اطلاع دیں۔
4. آتشزدگی اور فائر الارم کی صورت میں عمل:
   - اگر آتشزدگی واقع ہو تو ڈیوٹی افسر کو اطلاع دیں۔
   - اگر فائر الرام کی آواز آئے تو تمام فعال برقی / گیس آلات کو بند کر دیں؛ کھڑکیوں / دروازوں کو بند کر دیں۔
   - قریبی فائیر اخراج کے ذریعے باہر نکلیں اور مسٹر پوائنٹ کی جانب بڑھیں۔
   - اپنے ذاتی سلمان کو اکٹھا کرنے کی کوشش نہ کریں۔
   - مسٹر پوائنٹ کے علاوہ کسی اور جگہ پر مت جائیں۔
   - سکیورٹی انتظامیہ کی اجازت کے بعد آفس / پلانٹ / کیمپ میں واپس آجائیں۔
5. تمباکو نوشی کے لئے صرف مقررہ جگہ کا استعمال کریں۔
6. ماحول کی جانب وزیٹرز کی ذمہ داریاں:
   - گندگی مت پھیلائیں اور مقررہ کوڑے دان استعمال کریں۔
   - ضرورت نہ ہونے پر روشنیاں، پنکھے، ایئر کنڈیشنز اور ہیٹر بند کر دیں۔
   - سوئچ بورڈ میں چنگاریوں اور ٹوائلٹ میں پانی کے اخراج سے متعلق مطلع کریں۔
   - پینے کے لئے نلکے کا پانی استعمال نہ کریں۔
7. کیمپ / فیلڈ سے باہر آتے ہوئے براہِ کرم کھلے جوتے یا سینڈل پہننے سے گریز کریں کیونکہ سانپوں یا زہریلے کیڑے مکوڑوں کی موجودگی سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ سانپ / کیڑوں کے کاٹنے پر براہ کرم میڈیکل ایمر جنسی کو '________________________' پر کال کریں۔ فیلڈ پر ضروری ادویات دستیاب ہیں۔
7. دفتر / پلانٹ / کیمپ کے احاطے میں غیر قانونی ڈرگز، اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد لانا منع ہے۔
8. ٹوائلٹ استعمال کرتے ہوئے آپ پانی کی کمی کا تعین کرنے کے لئے پیشاب کی رنگت کے ذریعے مندرجہ ذیل ڈی ہائیڈریشن چارٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں:



مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

ٹیلی فون نمبر: 92-51-9202882+ایکسٹینشن:3826؛ای میل:mubashir_abbas@ogdcl.com

